لا يكون الا لله تعالى واما الجزئي
فكما يكون للرسول كذلك يكون
للمجانين والبهائم عياذا بالله تعالى
عن هذه العقيدة المفضية عن
توهين الرسول صلى الله عليه و
سلم المفضية الى سوء الخاتمة وقوم
اثبتوا للنبي صلى الله عليه وسلم
جميع علوم الغيب التي تتعلق بالنبوة
من[1] الامم السالفة واحوال البرزخ
واحوال القيمة ونعم الجنة و
عذاب النار وبعض علوم العالم
العلوي والسفلي باعلام الله
تعالى اياه وهذه العقيدة
هي المتوسطة بين الافراط
والتفريط واقرب للتقوى
وليت شعري اي جواب للمثبتين
جميع علوم الغيب الكلي والجزئي وماكان
ومايكون للنبي صلى الله عليه وسلم في العلوم

کو کافر بھی کہہ چکے ہیں۔ کیوں کہ ایک فرقہ
نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے علم
غیب کلی اور غیب جزئی اور غیب ماضی
و مستقبل ثابت کیا ہے کہ خدا تعالے نے
آپ کو ان سب چیزوں کا علم دیا تھا۔ ایک
فرقہ نے سرے سے علم کلی ہی کی نفی کر دی ہے کہ وہ
حضور علیہ السلام کو حاصل نہ تھا کیونکہ علم غیب کلی اللہ تعالے
کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہوتا۔ اور غیب جزئی تو کوئی بڑی
بات نہیں کیونکہ وہ جس طرح رسول کو حاصل ہے۔ اسی طرح
دیوانوں اور چار پایوں کو بھی حاصل ہے (خدا ایسے عقیدہ سے
بچائے) یہ ایسا عقیدہ ہے کہ جس میں رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کا اظہار ہوتا ہے اور
کشاں کشاں بُرے خاتمہ تک پہنچانے والا ہے۔ ایک
فرقہ نے وہ تمام علوم غیبیہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے
لئے ثابت کئے ہیں جو رسالت اور نبوت سے تعلق
رکھتے ہیں یا گذشتہ امتوں اور احوال برزخ یا قیامت
کے خوفناک حالات سے تعلق رکھتے ہیں یا جنت کی نعمتوں
اور دوزخ کے عذاب کے متعلق ہیں اس کے علاوہ علم
غیب بھی جو عالم بالا اور دنیا سے تعلق رکھتے ہیں۔ جو
خدا تعالیٰ نے آپکو بتا دیئے ہیں اور یہ عقیدہ افراط و
تفریط کے درمیان ہے اور تقویٰ کے قریب ہے۔ کاش
ہمیں معلوم ہو جاتا کہ جو لوگ تمام قسم کے علوم غیبیہ کلی
جزئی ماضی۔ حال اور استقبال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
کے لئے ثابت کرتے ہیں وہ ان علوم سے متعلق کیا جواب

[1] من احوال الامم

Marfat.com

المنہیة فی الشرع کالنجوم والجفر
والنیرنجات والکھانة والموسیقی
والسحر والرمل والحکمة الیونانیة
فی الالٰھیات وما جواب‌ھم بقول
اللہ تعالیٰ وما علمناہ الشعر وما
ینبغی لہ وقولہ تعالیٰ وما ھو
بساحر وما ھو بقول کاھن۔
فان قیل ھذہ العلوم لیست من
الغیب بل من الشھادة نقول اما
کانت ھذہ العلوم داخلة فیما
کان وما یکون فان قیل نعم
قلنا رفع اللہ تعالیٰ ساحة الرسالة
عن الاتھام بھذہ العلوم فانہ
ھو الرسول النبی الامی والکفار
کانوا یتھمونہ بالسحر قال اللہ
تعالیٰ وما ھو بساحر ویتھمونہ
بالکھانة قال اللہ تعالیٰ ولا
بقول کاھن وکانوا یقولون
انما یعلمہ بشر قال اللہ تعالیٰ
لسان الذی یلحدون الیہ اعجمی
وھذا لسان عربی مبین وان
قیل لا یعنی لیست ھذہ العلوم
داخلة فیما کان وما یکون
نقول فھی ای شیئ تدخل ھذہ

دیں گے جو شرع میں ممنوع قرار دیئے گئے ہیں۔ مثلاً نجوم
جفر شعبدہ بازی کہانت موسیقی سحر رمل۔ یونانی
فلسفہ جو الٰہیات کے متعلق ہے۔ (کیا یہ بھی آپ کو
حاصل تھے؟) اور وہ اس کا بھی کیا جواب دیں گے
کہ خود خدائے تعالیٰ نے تصریح کے ساتھ فرمایا ہے
کہ ہم نے اپنے رسول کو شعر کا علم نہیں سکھلایا اور
نہ ہی یہ علم آپ کے شان کے شایاں ہے۔ اور یہ بھی
فرمایا کہ آپ جادوگر نہ تھے اور یہ قرآن کسی کاہن کا
قول نہیں۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ یہ علوم از قسم غیب
نہیں بلکہ از قسم ظاہر ہیں تو ہم جواب میں پوچھیں گے
کہ اگر وہ غیب میں داخل نہیں تو کیا وہ ماکان ومایکون میں
بھی داخل ہیں یا نہیں؟ تو اگر جواب دیا جائے کہ ہاں
وہ ان میں داخل ہیں تو ہم کہیں گے کہ اگرچہ وہ داخل ہیں
مگر خدا تعالیٰ نے ذاتِ رسالت کو ان علوم کی آلائش سے
صاف کر دیا ہوا ہے کیونکہ آپ رسول اُمی تھے۔ کفار جادو
کا الزام دیتے تھے مگر خدا نے کہا کہ وہ جادوگر نہیں۔
پھر وہ کہانت کا الزام دیتے تھے کہ جن بھوت کے ذریعہ
سے آپ خبریں دیتے ہیں لیکن خدا نے کہا کہ یہ قرآن کسی
کاہن کا قول بھی نہیں۔ پھر وہ کہتے تھے کہ کوئی آدمی
آپکو یہ قرآن سکھاتا ہے تو خدا نے جواب میں کہا کہ جس آدمی
کی طرف تعلیم قرآن کو منسوب کرتے ہیں وہ تو عجمی ہے۔
عربی زبان جانتا ہی نہیں اور یہ قرآن فصیح عربی میں ہے
اگر یوں کہا جائے کہ نہیں یعنی ماکان اور مایکون میں یہ
علوم ممنوعہ داخل نہیں تو ہم پوچھیں گے کہ پھر یہ علوم

Marfat.com

العلوم۔ وأيّ جواب للناهين عن اخباره صلى الله عليه وسلم بعذاب القبر وسوال الملكين وضغطة القبر واخباره عليه الصلوٰة والسلام بالفتوحات الاسلامية قبل وقوعها واخباره باحوال اخر الزمان فوقع جميع ما اخبر به صلى الله عليه وسلم كما اخبر به واى جواب لهم من تعيين مواضع قتل الكفار في البدر فقتلوا في تلك المواضع وهل البهائم والمجانين يخبرون بمثل هذا وسمعت ممن اعمى الله قلبه ان النبي صلى الله عليه وسلم لو كان يعلم فتح المسلمين وقتل الكفار ببدر لما التجاء الى الله في سجوده بفتح المؤمنين وقتل الكفار ولم يعلم المحروم ان دعاءه عليه الصلوٰة والسلام للمسلمين كان تعبدًا وتواضعًا لله تعالى اما كان عليه الصلوٰة والسلام يعلم بانه على الصراط المستقيم لقوله تعالى انك على صراط مستقيم ومع ذلك يقرأ في صلوته اهدنا الصراط المستقيم قال الله تعالى عالم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا الا من ارتضى من رسول وقال الله تعالى

ممنوعہ کس قسم میں داخل ہوں گے؟ اور منکرین علم غیب ان احادیث کا کیا جواب دیں گے۔ جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عذاب قبر۔ سوال ملائکہ۔ قبر کی تنگی کی خبر دی ہے یا جن میں آپ نے قبل از وقوع فتوحات اسلامیہ کی خبر دی ہے۔ یا اخیر زمانہ کی خبریں دی ہیں۔ حالانکہ سب کچھ اسی طرح پیش آیا ہے جیسا کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے بتایا تھا۔ اور اس کا کیا جواب ہوگا جو آپ نے قتل کفار کے مقامات قتل جنگ بدر میں بتائے تھے۔ چنانچہ وہیں وہ قتل ہوئے جہاں آپ نے کہا تھا۔ کیا چار پائے اور دیوانے بھی ایسی خبریں دے سکتے ہیں؟ میں نے خود اس آدمی سے سنا ہے جس کے دل کو خدا نے اندھا کر دیا تھا کہتا تھا کہ اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کی فتح جانتے ہوتے اور بدر میں قتل کفار کی خاص خاص جگہیں جانتے ہوتے تو مسلمانوں کی فتح کے لئے اور قتل کفار کے واسطے سجدہ میں پڑ کر دعا نہ کرتے۔ میں کہتا ہوں کہ اس محروم العقل کو معلوم نہیں کہ حضور علیہ السلام کی دعا کرنا مسلمانوں کے حق میں خدا کے سامنے تواضع اور اظہار خاکساری تھی۔ کیا آپ کو یہ معلوم نہ تھا کہ آپ صراط مستقیم پر قائم ہیں۔ حالانکہ خدا نے بتا دیا ہوا تھا کہ آپ صراط مستقیم پر ہیں تاہم آپ نماز میں یہ الفاظ دہرایا کرتے تھے کہ اھدنا الصراط المستقیم۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ تمہارا خدا عالم الغیب ہے اور اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا مگر اس رسول کو جسے وہ پسند کرے۔ پھر یہ بھی فرمایا

Marfat.com

وما كان الله ليطلعكم على الغيب
ولكن الله يجتبي من رسله من يشاء
اما كان النبي صلى الله عليه وسلم
هو الرسول المرتضى والرسول المجتبى
وان قيل نعم دخل النبي صلى الله عليه
وسلم في الاستثناء في الاية الاولى
لانه هو الرسول المرتضى وفي قوله
ولكن الله يجتبي من رسله من يشاء
لانه هو الرسول المجتبى وان قيل لا
نقول فمن الرسول المرتضى والمجتبى
الذي ذكره الله تعالى في الايتين
المذكورتين والتحقيق في هذا المقام
ان جملة عالم الغيب يصح اطلاقها على
النبي صلى الله عليه وسلم باعتبار البعض
ولا تصح باعتبار البعض الاخر فان علم
بعض المغيبات كاخباره صلى الله عليه
وسلم باحوال عالم البرزخ من ضغطة
القبر وسوال الملكين وتوسعة القبر
سبعين ذراعا على المطيع وضيقه
على العاصي واخباره باحوال القيمة
من الوقوف والميزان والصراط والحوض و
الشفاعة والجنة ونعيمها والنار وجحيمها
واخباره ببعض المغيبات الدنيوية كمواضع
قتل المشركين ببدر ورد كتاب حاطب بن

کہ خدا تم کو علم غیب پر مطلع کرنے کے قریب بھی نہیں
ہے لیکن اپنے رسولوں میں سے جس رسول کو چاہے منتخب
کر لیتا ہے تو آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم برگزیدہ اور
منتخب شدہ رسول نہ تھے؟ اگر یہ کہا جائے کہ ہاں
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی آیت کے استثناء میں داخل
ہیں کیونکہ آپ برگزیدہ و پسندیدہ رسول ہیں جس کا
ثبوت اس آیت سے ہے کہ لیکن اپنے رسولوں میں سے
اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے کیونکہ
آپ ہی رسول مجتبیٰ ہیں۔ مگر اس کا انکار کیا جائے تو
پھر ہم پوچھیں گے کہ پھر حضور علیہ السلام کے سوا ان
دونوں آیات میں کس رسول مجتبیٰ و مرتضیٰ کا ذکر ہے
اس مقام پر تحقیق یہ ہے کہ عالم الغیب کے فقرہ کا
استعمال نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صحیح ہے باعتبار بعض
علم غیب کے اور بعض علم غیب کے اعتبار سے صحیح نہیں
کیونکہ بعض مغیبات کا خبر دینا آپ سے بالکل صحیح
اور روشن ہے مثلاً آپ کا عالم برزخ کے متعلق قبر کی
تنگی اور منکر نکیر کے سوالوں کی خبر دینا اور نیک بندے
کی قبر کا ستر گز تک وسیع ہونے اور بدکار پر تنگ ہونے
کی خبر دینا یا احوال قیامت میں خدا کے سامنے پیش ہونے
وزن اعمال۔ پل صراط۔ حوض کوثر۔ شفاعت جنت اور
اس کی نعمتیں اور دوزخ اور اس کی آگ کی خبر دینا یا
چند معاملات دنیاوی سے خبر دینا۔ مثلاً بدر میں مشرکین
کی قتل گاہیں بتانا یا حاطب بن بلتعہ کی چٹھی واپس
لینا جو اس نے پوشیدہ طور پر مشرکین کو لکھی تھی

Marfat.com

بلتعه المكتوب الى قريش واخباره باجهل
بما اخفاه فى يده من الحصاة واخباره
بقتل ملك الفرس صبيحة ليلة قتله و
اخباره بموت النجاشى وصلوة الجنازة
عليه فى المدينة واخباره باكل الارضة
صحيفة المعاهدة لقريش المعلقة فى
جوف الكعبة واخباره بموت جعفر الطيار
ورفيقيه فى غزوة المؤتة واخباره
بالفتح على يد الخالد بن الوليد سيف الله
واخباره بفتح باب قلعة الخيبر على يد
على المرتضى واخباره بسم الشاة المسموم
التى اهدتها اليه اليهودية واخباره
بقتل على المرتضى ذا الثديين من الخارجين
واخباره بفتن آخر الزمان الى غير ذلك
من الاخبارات المغيبة كما لا يخفى على
من له ادنى مهارة فى العلوم الاسلامية
فان قيل اخباراته بالمغيبات المذكورة
كان باعلام الله تعالى اياه قلنا
حصل المقصود ومتى قلنا ان اخباراته
بالمغيبات كانت من عند نفسه بغير
اعلام الله تعالى فاطلاق جملة عالم
الغيب عليه صلى الله عليه وسلم صحيح بهذا
الاعتبار فمن قال من المقلدين انه
عالم بجميع الغيوب او قال عالم

یا ابوجہل کو بتانا کہ اس کی مٹھی میں کنکریاں ہیں۔ یا شاہ
فارس کے قتل کی خبر دینا خاص اسی صبح کو جبکہ مارا گیا
تھا۔ یا موت نجاشی شاہ حبشہ کی خبر دینا۔ پھر مدینہ طیبہ
میں اس پر غائبانہ جنازہ پڑھنا۔ یا یہ خبر دینا کہ دیمک اس
کاغذ معاہدہ کو کھا گئی ہے جو قریش نے آپ کے خلاف لکھ کر
بیت اللہ شریف میں آویزاں کیا تھا۔ یا حضرت جعفر طیار
رضی اللہ عنہ کی وفات کی خبر دینا اور اس کے دو
رفیقوں کی خبر دینا جنگ تبوک میں۔ یا حضرت خالد سیف اللہ
کے ہاتھ پر فتوحات کا حاصل ہونا۔ یا حضرت علی کرم اللہ وجہہ
کے ہاتھ پر قلعہ خیبر کا فتح ہونا یا بکری کے گوشت میں زہر
ملانے کی خبر دینا جو یہودیوں نے آپ کی خدمت میں بطور
تحفہ بھیجا تھا۔ یا آپ کا خبر دینا کہ حضرت علی کرم اللہ
وجہہ ذو الثدیین خارجی کو قتل کریں گے یا آخر زمانہ
میں فتنوں کا پیدا ہونا۔ غرضیکہ اسی قسم کی غیبی خبریں
کئی ایک اور بھی آپ نے دی ہیں جو اس شخص پر
مخفی نہیں جو علوم اسلامیہ میں مہارت اور واقفیت
رکھتا ہے۔ اگر یہ سوال کیا جائے کہ یہ تو خدا کے بتانے
سے آپ نے بتائی ہیں اس لئے یہ خبریں غیب نہیں
بلکہ از قسم وحی ہیں۔ تو ہم کہتے ہیں کہ پھر بھی ہمارا مدعا
ثابت ہوا کہ آپ عالم الغیب تھے اور جب یوں کہا جائے
کہ خدا تعالیٰ کی اطلاع کے بغیر کشف کے طور پر آپ نے
یہ خبریں دی تھیں تو اس صورت میں بھی نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم کو عالم الغیب کہنا صحیح ہوگا۔ جو مقلد یوں کہتے
ہیں کہ حضور علیہ السلام تمام قسم کے غیب کو جانتے تھے

Marfat.com

بماكان ومايكون فمراده من العلوم
العلوم التى تتعلق بالرسالة و
التبليغ وافحام المنكرين واحوال
الانبياء المتقدمين ونجاة اممهم
المطيعين وهلاك المنكرين واحوال
امته عليه الصلوة والسلام فى آخر
الزمان و ماياتى عليهم من الفتن و
مايجرى عليهم من المحن حتى يدخل
اهل الجنة الجنة واهل النار النار نعم
العلوم التى لا يليق بدمن الشعر والجفر
والرمل والسيمياء والكيمياء وغير
ذالك والعلوم التى لا تعلق لها بالرسالة
والنبوة والتبليغ كعلم
مثاقيل الجبال ومكائيل البحار و
قطرات الامطار واوراق الاشجار
الى غير ذالك من العلوم التى لا نعلم
اسمها ولا رسمها فذلك كله مختصة
بخالقها ومنشئها ومغنيها
فان قيل اذا ثبت انه صلى الله
عليه وسلم عالم ببعض
العلوم فما معنى اطلاق
جملة عالم الغيب عليه قلنا
ثبوت الصفة للشخص لا
يقتضى العلوم لتلك الصفة

یا یوں کہتے ہیں کہ آپ کو تمام ماکان ومایکون کا علم غیب تھا تو ان کی مراد بھی وہی علوم غیبیہ ہیں۔ جو تبلیغ رسالت اور منکرین کو لاجواب کرنے یا گذشتہ انبیاء علیہم السلام کے حالات معلوم کرنے کے متعلق ہیں یا ان کی مطیع امت کی نجات اور منکرین کی ہلاکت کے متعلق ہیں۔ یا جو امت محمدیہ کے احوال سے تعلق رکھتے ہیں جو آخر زمانے میں پیش آئیں گے یا ان فتنوں کی بابت ہیں جو امت محمدیہ پر آنے والے ہیں یا ان تکالیف کے متعلق ہیں جو ان پر آئیں گی۔ یہانتک کہ اہل جنت جنت میں چلے جائیں گے اور اہل نار دوزخ میں تھہریں گے۔ مگر ہاں وہ علوم جو آپکے شان کے شایان نہیں مثلاً علم شعر۔ جفر رمل سیمیا کیمیا وغیرہ اور وہ علوم کہ جن کا تعلق تبلیغ رسالت سے قطعاً نہیں۔ مثلاً پہاڑوں کے وزن معلوم کرنا۔ سمندروں کے پانی ماپنے کا علم یا بارش کے قطرات کی گنتی یا درختوں کے پتوں کی گنتی اور اسی قسم کے اور علوم کہ جن کے نام بھی ہم نہیں جانتے اور نہ ہی ہمیں ان کی تشریح معلوم ہے۔ تو یہ سب قسم کے علوم خاص خدائے خالق سے ہی تعلق رکھتے ہیں۔ جو ان کو پیدا اور فنا کرنے والا ہے۔ کسی انسان کا ان سے کوئی واسطہ نہیں۔ اگر کہا جائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بعض غیبوں کے عالم ہیں تو پھر عالم الغیب کے فقرہ کا آپ پر استعمال کرنے کا کیا مطلب ہوگا۔ تو ہم جواب دیں گے کہ کسی شخص کو کسی صفت سے موصوف کرنے کا یہ

Marfat.com

بل يكفي في ذالك حصول بعض افراد الصفة لذلك الشخص فانك اذا قلت زيد عالم فليس المراد ان زيداً عالم بجميع علوم العالم حلالها و حرامها بل المتبادر من هذا القول ان زيداً عالم بعلوم المروجة المتداولة قال الله تعالى ان الانسان ليطغى ان راٰه استغنى اى بعض الانسان فان كثيرا من الاغنياء كانوا عباد الله الصالحين بل الانبياء والمرسلين صلوات الله عليهم اجمعين ومن تلك المسائل مسئلة ايصال ثواب الاعمال لارواح الاموات قالوا حرام او ممنوع او لغو عبث لا يضر ولا ينفع على اختلاف آرائهم مستدلين بقوله تعالى وان ليس للانسان الا ما سعى. وفي هذه المسئلة اختلاف كثير من علماء الطرفين وذكر حججهم بطول والعبد الضعيف مؤلف الرسالة لما راى بيان الشيخ ابن القيم الجوزية الحنبلي في هذه المسئلة مشحونا

معنی نہیں ہوتا کہ اس صفت کے تمام اقسام بھی اس میں موجود ہوں۔ بلکہ اتنا ضروری ہوتا ہے کہ اس کے بعض حصے اس میں پائے جائیں کیونکہ جب یوں کہتے ہو کہ زید عالم ہے تو اس سے یہ مراد نہیں ہوتی کہ زید تمام قسم کے علوم دنیاوی حلال حرام وغیرہ سب جانتا ہے۔ بلکہ بلا تکلف یہی ذہن میں آتا ہے کہ زید علوم مروجہ کا عالم ہے۔ جو روزمرہ استعمال ہوتے ہیں۔ اسی طرح خدا کا قول ہے کہ انسان بیشک حد سے بڑھ جاتا ہے جبکہ وہ اپنے آپکو مستغنی دیکھتا ہے۔ اس سے مراد بھی بعض انسان ہیں ورنہ کئی ایک مالدار اللہ کے بندے ہوگذرے ہیں بلکہ مالدار انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی تھے۔ اختلافی مسائل میں سے ایک مسئلہ ایصال ثواب کا بھی ہے۔ کہ مردوں کی روحوں کو اپنے اعمال کا ثواب پہنچانا جائز ہے یا نہیں؟ مخالف کہتے ہیں کہ حرام ہے یا ممنوع ہے یا بیفائدہ ہے۔ جس میں نہ نفع ہے نہ نقصان۔ اس کے متعلق ان کے خیالات مختلف ہیں بہرحال مانعین کی دلیل یہ ہے کہ خدا نے فرمایا ہے کہ انسان کے لئے اپنی ہی کمائی کام آئے گی۔ اس مسئلہ میں فریقین کے علماء کے درمیان بڑا اختلاف ہے جن کے دلائل کا ذکر کرنا طوالت ہوگا۔ مگر اس رسالہ کے مصنف عبد ضعیف نے جب شیخ ابن قیم جوزی حنبلی کا اس مسئلہ میں ایک مضمون دیکھا جس میں انصاف بھرا ہوا

بالانصاف اخذ بہ و استحسن
المقاملۃ معھم باعتقاد الشیخ
فیھا لانہ من اکابر مشایخھم فی المذھب
لعلھم یرجعون الی الحق وھا انا
اذکر ما قال الشیخ رحمہ اللہ تعالیٰ
فی کتاب الروح فقال واما المسئلۃ
السادسۃ عشر وھی ھل تنتفع ارواح
الموتی بشیئ من سعی الاحیاء ام لا
فالجواب انھا تنتفع من سعی الاحیاء
بامرین یجمع علیھما بین اھل السنۃ
من الفقھاء واھل الحدیث والتفسیر
احدھما ما تسبب الیہ المیت فی
حیاتہ والثانی دعاء المسلمین
لہ واستغفارھم لہ والصدقۃ
والحج علیٰ نزاع ما الذی یصل
من ثوابہ ھل ھو ثواب الانفاق
او ثواب العمل فعند الجمھور یصل
ثواب العمل نفسہ وعند بعض
الحنفیۃ انما یصل ثواب الانفاق
واختلفوا فی العبادۃ البدنیۃ
کالصوم والصلوۃ وقراءۃ القرآن
والذکر فمذھب الامام احمد
وجمھور السلف وصولھا
وھو قول بعض اصحاب

تھا۔ تو میں نے وہی اختیار کر لیا اور یہی پسند
کیا کہ شیخ موصوف کے عقیدہ کے ساتھ ان کا
مقابلہ کر دوں، کیونکہ مسائل میں شیخ موصوف مخالفین
کا ایک مسلّم بزرگ ہے۔ امید ہے کہ وہ بھی
حق کی طرف رجوع کر لیں گے۔ چنانچہ میں شیخ
صاحب موصوف رحمہ اللہ کا وہ اقتباس پیش
کرتا ہوں جو آپ نے اپنی کتاب کتاب الروح
میں درج کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ سولھواں مسئلہ یہ
ہے کہ آیا مُردہ کی رُوح زندہ کے اعمال سے فائدہ
اٹھا سکتی ہے یا نہیں؟ جواب یوں ہے کہ فائدہ
اٹھا سکتی ہے دو طریق سے جن پر اہل سنت
کے فقہاء، اہلحدیث اور مفسرین کا اتفاق ہے
پہلا طریق یہ ہے کہ مُردہ اپنی زندگی میں اس عمل کا
باعث بنا ہو۔ دوسرا طریق یہ ہے کہ زندہ مسلمان
اس کے حق میں دعاء اور استغفار کریں یا صدقہ
خیرات کریں یا حج کریں۔ گو اس میں یہ اختلاف
ہے کہ مُردہ کو ثواب مال خرچ کرنے کا ملے گا یا
اصل عمل کا ثواب ہوگا۔ جمہور اہل علم کے نزدیک
خود نیک عمل کا ثواب ملتا ہے اور بعض حنفیہ کے
نزدیک نیک عمل پر مال خرچ کرنے کا ثواب ملتا
ہے۔ پھر ان کا اس میں اختلاف ہے کہ بدنی عبادات
مثلاً نماز، روزہ، تلاوت قرآن اور ذکر الٰہی کا
ثواب پہنچتا ہے یا نہیں؟ تو امام احمد بن حنبل اور
جمہور سلف کا یہ مذہب ہے کہ یہ بھی پہنچتا ہے

Marfat.com

ابی حنیفۃ نص علی ھذا الامام احمد فی روایۃ محمد بن یحییٰ الکحال قال قیل لابی عبد اللہ الرجل یعمل الشیئ من الخیر من صلوۃ او صدقۃ او غیر ذلک فیجعل نصفہ لابیہ او لامہ قال ارجو وقال المیت یصل الیہ کل شیئ من صدقۃ او غیرھا وقال ایضاً اقرأ اٰیۃ الکرسی ثلاث مرات وقل ھو اللہ احد وقل اللھم ان فضلہ لاھل المقابر۔ فالدلیل علی انتفاعہ بما تسبب الیہ فی حیاتہ ما رواہ مسلم فی صحیحہ من حدیث ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا مات الانسان انقطع عنہ عملہ الا من ثلاث الا من صدقۃ جاریۃ او علم ینتفع بہ او ولد صالح یدعو لہ فاستثناء ھذہ الثلث من عملہ یدل علی انھا منہ فانہ ھو الذی تسبب الیھا وفی سنن ابن ماجہ من حدیث ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال

اور یہی قول حضرت امام اعظمؒ کے بعض شاگردوں کا بھی ہے۔ اور اس فتوٰے پر محمد بن یحییٰ کحال کی روایت میں یوں تصریح موجود ہے کہ امام احمدؒ سے سوال کیا گیا کہ ایک آدمی کوئی نیک عمل کرتا ہے مثلاً نماز۔ صدقہ۔ خیرات یا کوئی اور نیک عمل اور اس کا نصف حصہ اپنے باپ یا اپنی والدہ کے لئے مقرر کرتا ہے۔ کیا یہ جائز ہے؟ آپ نے کہا کہ مجھے اُمید ہے کہ وہ صحیح ہے پھر فرمایا کہ میّت کو ہر چیز (از قسم صدقہ وغیرہ) پہنچتی ہے یہ بھی کہا کہ آیۃ الکرسی تین دفعہ اور قل ھو اللہ احد ایک دفعہ پڑھ اور یوں دعا میں کہو کہ یا اللہ اس کا ثواب اہلِ مقابر کو پہنچے۔ اس امر کا ثبوت کہ جس نیک کام کا مُردہ خود باعث اپنی زندگی میں بن چکا ہے اُس سے اس کو فائدہ پہنچتا ہے۔ یہ ہے کہ امام مسلمؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت لکھی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ کہ انسان جب مرتا ہے تو اس کے اعمال ختم ہو جاتے ہیں مگر تین قسم کے عمل جاری رہتے ہیں۔ اوّل صدقہ جاریہ دوم مفید علم سوم نیک اولاد جو اُس کے حق میں دعا گو رہے۔ ان تین اعمال کا استثنا کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ عمل بھی اسی میّت کے ہیں کیونکہ وہی ان کا باعث بنا ہے اور سنن ابن ماجہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک

Marfat.com

قال رسول الله صلی الله علیه
وسلم انما یلحق المومن من عمله
وحسناته بعد موته علما علمه ونشره
او ولدا صالحا ترکه او مصحفا
ورثه او مسجدا بناه او بیتا
لابن السبیل بناه او نهرا اکراه
او صدقة اخرجها من ماله فی
صحته وحیاته تلحقه بعد موته۔
انتهی مختصرا والدلیل علی
انتفاعه بغیر ما تسبب فیه
القرآن والسنة والاجماع و
قواعد الشرع اما القرآن
فقوله تعالی والذین جاءوا
من بعدهم یقولون اغفرلنا
ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان
فاثنی الله سبحانه علیهم
باستغفارهم للمؤمنین
قبلهم وقد دل علی انتفاع المیت
بالدعاء اجماع الامة علی
الدعاء له فی صلوة الجنازة
وفی السنن من حدیث ابی
هریرة رضی الله عنه قال قال
رسول الله صلی الله علیه وسلم
اذا صلیتم علی المیت فاخلصوا له

یہ بھی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہے کہ مومن کے نیک اعمال میں سے
موت کے بعد اس کو یہ عمل پہنچتے ہیں۔ اوّل
جو اس نے پڑھایا اور پھیلایا۔ دوم نیک اولاد
جسے اپنا جانشین بنا گیا۔ سوم قرآن مجید جو ورثہ
میں چھوڑ گیا۔ چہارم مسجد جو اس نے بنائی۔ پنجم
سرائے جو مسافروں کے لئے تیار کی۔ ششم نہر
جو اس نے کھدوائی۔ ہفتم صدقہ جو اپنی زندگی میں
بحالت صحت الگ کر چکا ہے۔ یہ موت کے بعد
اُسے پہنچے گا (مختصر طور پر یہ مضمون ختم ہوا) اور
یہ امر کہ جس چیز کا باعث وہ مُردہ نہیں بنا۔ اس کا
ثواب یا نفع بھی اسے پہنچتا ہے تو اس کا ثبوت
قرآن، حدیث، اجماع اور اصول شرع سے ملتا
ہے۔ چنانچہ قرآن شریف میں ہے کہ جو مسلمان پہلے
مسلمانوں کے بعد دنیا میں آئے ہیں وہ کہتے ہیں
کہ یا اللہ ہمیں بخش اور ہمارے ان بھائیوں کو
بھی بخش، جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں دیکھو
خداتعالےٰ نے ان مسلمانوں کی تعریف کی ہے۔ جو
اپنے پہلوں کے لئے مغفرت مانگتے ہیں اور اجماع
اُمّت محمدیہ سے ثابت ہے کہ نماز جنازہ میں میت کے
لئے دعا کرنے سے اسے فائدہ پہنچتا ہے۔ اور کتب
حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک
روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
کہ جب تم میت پر نماز جنازہ پڑھو تو خلوص دل

Marfat.com

الدعاء وفی صحیح مسلم من حدیث
عوف بن مالک قال صلی اللہ علیہ
وسلم علی جنازۃ فحفظت من
دعائہ وھو یقول اللھم اغفرہ
وارحمہ وعافہ واعف عنہ واکرم
نزلہ ووسع مدخلہ الی آخر الحدیث
انتھی مختصرا **فصل** واما وصول
ثواب الصدقۃ ففی الصحیحین
عن عائشۃ رضی اللہ عنہا ان
رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ
وسلم فقال یارسول اللہ ان امی
افتلتت نفسہا ولم توص واظنہا
لو تکلمت تصدقت افلہا اجر
ان تصدقت عنہا قال نعم
وفی صحیح البخاری عن
عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما
ان سعد بن عبادۃ توفیت امہ
وھو غائب عنہا فاتی النبی صلی
اللہ علیہ وسلم فقال یارسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان امی
توفیت وانا غائب عنہا فھل ینفعہا
ان تصدقت عنہا قال نعم قال
فانی اشھدک ان حائطی المخراف
صدقۃ عنہا وفی السنن و

سے اس کیلئے دعا کرو اور صحیح مسلم میں عوف بن
مالک سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم
نے ایک جنازہ پڑھا۔ اس میں آپ نے میت کے لئے
جو دعا فرمائی تھی میں نے یاد کر لی چنانچہ آپ فرماتے
تھے کہ یا اللہ اسے بخشدے اور اس پر رحم کر اور
اسے سلامتی دے۔ اس کے قصور معاف کر اپنے
پاس عزت و آبرو کے ساتھ اسے فروکش کر اور اپنی
بارگاہ میں اس کا داخلہ وسیع کر (انتہی) **(فصل)**
صدقہ کا ثواب پہنچنا اس حدیث سے ثابت ہے
جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے صحیحین میں مروی
ہے کہ حضور علیہ السلام کی خدمت میں ایک آدمی حاضر
ہوا اور کہا کہ میری ماں مر گئی ہے اور وصیت نہیں
کر سکی۔ مجھے خیال ہے کہ اگر بول سکتی تو ضرور صدقہ
کرتی۔ تو کیا میں اگر صدقہ کروں تو اس کو ثواب ملیگا
تو آپ نے فرمایا کہ ہاں ضرور ملیگا۔ صحیح بخاری میں
حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ سعد بن عبادہ کی ماں مر گئی اور
وہ غیر حاضر تھا۔ پھر وہ حضور علیہ السلام کے پاس
آیا اور کہنے لگا۔ یا رسول اللہ میری ماں میری
غیر حاضری میں مر گئی ہے تو اگر میں اس کی
طرف سے وکیل بنکر صدقہ کروں تو کیا اسے
کچھ فائدہ ہوگا۔ تو آپ نے فرمایا ہاں فائدہ
ہوگا۔ پھر سعد نے کہا کہ آپ گواہ رہیں کہ میرا
باغ اس کی طرف سے صدقہ ہے اور یہی حدیث

وفی مسلم عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ان رجلا قال للنبی صلی اللہ علیہ وسلم ان ابی مات وترک مالا ولم یوص فھل یکفر عنہ ان اتصدق عنہ قال نعم

نے صلی رسول اللہ

Marfat.com

مسند احمد عن سعد بن عبادة
انه قال یا رسول الله ان ام سعد
ماتت فای الصدقة افضل
قال الماء فحفر بیرا وقال هذه
لام سعد . انتهی **فصل** واما
وصول ثواب الصوم
ففی الصحیحین عن عائشةؓ
ان رسول الله صلی الله علیه
وسلم قال من مات وعلیه
صیام صام عنه ولیه وفی
الصحیحین ایضا عن ابن عباس
رضی الله عنهما قال جاء رجل
الی النبی صلی الله علیه وسلم
فقال یا رسول الله ان امی ماتت
وعلیها صوم شهر افاقضیه
عنها قال نعم وفی روایة
جاءت امراة الی رسول الله
صلی الله علیه وسلم فقالت
یا رسول الله ان امی ماتت
وعلیها صوم نذر افاصوم
عنها قال ارأیت لو کان
علی امك دین فقضیته اکان
یؤدی ذلك عنها قالت نعم
قال فصومی عن امك وهذا

منتہیٰ ہے اور مسند احمد میں بھی سعد بن عبادہ سے
روایت ہے کہ اس نے کہا کہ میری ماں ام سعد مرگئی
ہے تو آپ فرمائیے کہ کس قسم کی خیرات اس کی طرف
سے افضل ہوگی تو آپ نے فرمایا کہ پانی کی خیرات
افضل ہے۔ پھر اس نے ایک کنواں کھدوایا اور
کہا کہ یہ کنواں میری ماں ام سعد کا ہے (انتہیٰ)
(فصل) روزہ کا ثواب پہنچنا تو اس کے
متعلق بھی صحیحین میں روایت ہے حضرت عائشہ
سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو
مرجائے اور اس کے ذمہ پر روزے باقی ہوں
تو اس کا وارث اس کی طرف سے روزے رکھے
اور یہ بھی صحیحین میں ہی روایت ہے کہ ایک آدمی
حضور علیہ السلام کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میری
ماں مرگئی ہے اور اس کے ذمہ ایک ماہ کے روزے
باقی ہیں تو کیا میں اس کی طرف سے قضا کروں
تو آپ نے فرمایا ہاں قضا کرو ایک روایت میں ہے
کہ ایک عورت حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی
اور کہنے لگی کہ میری ماں مرگئی ہے اور اس کے ذمہ
پر نذر کے روزے باقی ہیں تو کیا اس کی طرف سے
میں روزے رکھوں؟ تو آپ نے فرمایا کہ تم یہ خیال
کرو کہ اگر اس کے ذمہ پر قرضہ ہوتا تو تو اُسے ضرور ادا
کرتی۔ تو کیا وہ اس کی طرف سے ادا ہوجاتا یا
نہ ہوتا۔ کہنے لگی ہاں وہ تو ادا ہوجاتا۔ تو پھر
آپ نے فرمایا کہ تو اس کی طرف سے روزے بھی

Marfat.com

اللفظ للبخاري وحده تعليقا
انتهى مختصرا۔ **فصل** واما
وصول ثواب الحج ففي صحيح
البخاري عن ابن عباس
رضي الله عنهما ان امرأة من
جهينة جاءت الى النبي صلى الله
عليه وسلم فقالت ان امي نذرت
ان تحج فلم تحج حتى ماتت
افاحج عنها قال حجي عنها ارأيت
لو كان على امك دين اكنت
قاضية اقضوا الله فالله
احق بالقضاء وروى ايضا
عن ابن عباس رضي الله عنهما
ان امراءة سالت النبي صلى الله
عليه وسلم عن ابنها مات ولم
يحج قال حجي عن ابنك انتهى مختصرا
ثم قال الشيخ واجمع المسلمون
على ان قضاء الدين يسقطه
من ذمته ولو كان من اجنبي
او من غير تركته وقد دل عليه
حديث قتادة حيث ضمن
الدينارين عن الميت فلما قضاهما
قال له النبي صلى الله عليه
وسلم الآن بردت عليه جلدته

رکھ (یہ لفظ بطور تعلیق کے صرف بخاری میں ہیں) (انتہی)
(**فصل**) رہا ثواب حج کا پہنچنا۔ تو اس کے متعلق
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت صحیح
بخاری میں موجود ہے کہ قبیلہ جہینہ کی ایک عورت نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہنے لگی
کہ میری ماں نے نذر مانی تھی کہ حج کرے گی مگر وہ حج
نہیں کر سکی اور مر گئی تو کیا میں اس کی طرف سے حج
کروں؟ آپ نے فرمایا۔ اس کی طرف سے حج کر۔ پھر
فرمایا کہ تم خود سمجھو کہ اگر تیری ماں پر قرضہ ہوتا تو تو
اس کی طرف سے ضرور ادا کرتی۔ اس لئے خدا کا قرضہ
بھی ادا کرو۔ کیونکہ اس کا قرضہ ادا کرنا تو سب سے زیادہ
ضروری ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے یہ بھی روایت
ہے کہ ایک عورت نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے
سوال کیا تھا اپنے بیٹے کے متعلق کہ وہ مر گیا ہے
اور حج نہیں کر سکا۔ تو آپ نے فرمایا تو پھر تم اس
کی طرف سے حج کرو (انتہی مختصراً) اس کے بعد شیخ
موصوف فرماتے ہیں کہ تمام مسلمانوں کا اس امر پر
اجماع اور اتفاق ہے کہ میت کا قرضہ بعد میں ادا
کرنے سے ساقط ہو جاتا ہے۔ اگرچہ ادا کرنے والا
کوئی بیگانہ ہو یا اس کے مال متروکہ سے بھی ادا نہ
کیا جائے۔ اور حدیث قتادہؓ کی اس کا ثبوت دیتی
ہے کہ اس نے ایک میت کی طرف سے دو دینار کی
ضمانت دی تھی اور جب ادا کر دیئے تو حضور علیہ السلام
نے فرمایا کہ اب تو نے اس کے جسم کو ٹھنڈا کیا ہے اب

Marfat.com

واما قراءۃ القرآن فقال الشیخ فی اول کتاب الروح فی المسئلۃ الاولی وقد ذکر عن جماعۃ من السلف انہم اوصوا ان یقرأ عند قبورہم وقت الدفن قال عبد الحق یروی ان عبد اللہ بن عمر أمر ان یقرأ عند قبرہ سورۃ البقرۃ وممن رأی ذلک المعلی بن عبد الرحمن وکان الامام احمد ینکر ذلک اولاحیث لم یبلغہ فیہ اثر ثم رجع عن ذلک وقال الخلال فی الجامع کتاب القراءۃ عند القبور اخبرنا العباس بن محمد الدوری ثنا یحیی بن معین ثنا مبشر الحلبی حدثنی عبد الرحمن بن العلاء بن اللجلاج عن ابیہ قال قال ابی اذا انا مت فضعنی فی اللحد وقل بسم اللہ وعلی سنۃ رسول اللہ وسن علی التراب سنا واقرأ عند رأسی بفاتحۃ البقرۃ وخاتمتہا فانی سمعت عبد اللہ بن عمر یقول ذلک انتہی مختصرا ثم قال الشیخ بعد ایراد	رہی تلاوتِ قرآن، تو اس کے متعلق بھی شیخ موصوف نے اپنی تصنیف کتاب الروح کے آغاز میں مسئلہ اول کہہ کر بیان کیا ہے کہ سلف صالحین کی ایک جماعت سے روایت ہے کہ انہوں نے مرتے وقت یہ وصیت کی تھی کہ دفن کے وقت ان کے پاس قرآن شریف پڑھا جائے۔ شیخ عبد الحق کہتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ آپ نے حکم دیا تھا کہ میری قبر کے پاس سورۂ بقر پڑھی جائے اور مجوزین میں سے ایک حضرت علی بن عبد الرحمٰن بھی ہیں اور حضرت احمد بن حنبلؒ جب تک کہ آپ کو کسی صحابی کا عمل معلوم نہ تھا۔ اس کے منکر تھے۔ پھر آپ نے رجوع کر لیا اور جناب خلال اپنی جامع میں بعنوان دیگر کہ قبر کے پاس تلاوتِ قرآن جائز ہے لکھتے ہیں کہ عباس بن محمد دوری نے ہمیں بتایا تھا کہ یحییٰ بن معین نے ہمیں بتایا تھا کہ معشر حلبی نے کہا ہے کہ عبد الرحمٰن بن علاء بن حلاج اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ میرے باپ نے کہا تھا کہ جب میں مر جاؤں تو مجھے لحد میں رکھتے ہوئے یوں کہو بسم اللہ علی سنت رسول اللہ۔ پھر مجھ پر مٹی ڈال جانا اور میرے سرہانے سورہ بقرہ کی ابتدائی اور آخری آیات پڑھنا کیونکہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر سے سنا ہوا ہے کہ آپ یوں کہا کرتے تھے (انتہی مختصرًا) اس کے بعد کہ شیخ موصوف عقلی

Marfat.com

الادلة العقلية والنقلية و هذه النصوص متظاهرة على وصول ثواب الاعمال الى الميت اذا فعلها الحى عنه وهذا محض القياس فان الثواب حق العامل فاذا وهبه لاخيه المسلم لم يمنع من ذالك كما لم يمنع من هبة ماله فى حياته وابرائه له منه بعد موته وقد نبه النبى صلى الله عليه وسلم بوصول ثواب الصوم الذى هو مجرد ترك ونية تقوم بالقلب لا يطلع عليه الا الله وليس بعمل الجوارح وعلى وصول ثواب القراءة التى هى عمل باللسان تسمعه الاذن وتراه العين بطريق الاولى. ويوضحه ان الصوم نية محضة وكف النفس عن المفطرات وقد اوصل الله ثوابه الى الميت فكيف بالقراءة التى هى عمل و نية بل لا تفتقر الى النية فوصول ثواب الصوم الى الميت فيه تنبيه على وصول سائر الاعمال

اور نقلی دلائل دے چکے ہیں فرماتے ہیں کہ یہ تصریحات اس امر پر متفق ہیں کہ جب زندہ میت کی طرف سے کوئی عمل کرتا ہے تو اس کا ثواب میت کو پہنچتا ہے اور عقل کا مقتضیٰ بھی یہی ہے کہ گو ثواب عمل کرنے والے کا حق ہے مگر جب وہ اپنے مسلم بھائی کو بخش دیتا ہے تو کوئی ممانعت نہیں ہوتی جسطرح کہ اس امر کی ممانعت نہیں کہ اسکی زندگی میں اپنا کچھ مال بخشدے یا اسکی موت کے بعد اسکو مال کی ادائیگی سے بری الذمہ کردے۔ خود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خبردار کر دیا ہے کہ روزہ کا ثواب میت کو پہنچتا ہے حالانکہ وہ روزہ صرف ترک اکل و شرب اور نیت کا نام ہے اور نیت کا تعلق صرف دل سے ہے جس پر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مطلع نہیں ہوتا اور یہ روزہ کوئی محسوس قسم کا عمل نہیں اور آنحضرت علیہ السلام نے یہ بھی بتا دیا ہے کہ قرأۃ قرآن کا ثواب بھی بطریق اولے پہنچتا ہے جو زبان کا عمل ہے اور اسے کان سنتے ہیں اور آنکھ دیکھتی ہے۔ اس کی وضاحت یہ ہے کہ روزہ صرف نیت ہے اور روزہ شکن امور سے اپنے نفس کو روکنے کا نام ہے۔ اس خدا اسکا ثواب میت کو پہنچا دیتا ہے تو بھلا قرأۃ قرآن کا ثواب کیوں نہ پہنچے گا جو عمل اور نیت سے مرکب ہے بلکہ اس میں نیت کی بھی ضرورت نہیں ہوتی پس میت کو روزہ کے ثواب کے پہنچنے میں اس امر کا اشارہ ہے کہ باقی اعمال کا ثواب بھی

Marfat.com

والعبادات قسمان مالية و بدنية وقد نبّه الشارع بوصول ثواب الصدقة على وصول ثواب سائر العبادات المالية و نبّه بوصول ثواب الصوم على وصول ثواب سائر العبادات البدنية و اخبر بوصول ثواب الحج المركب من المالية و البدنية فالانواع الثلثة ثابتة بالنص والاعتبار وبالله التوفيق۔

ثم قال الشيخ قال المانعون قال الله تعالى وان ليس للانسان الا ما سعى وقال لا تجزون الا ما كنتم تعملون وقال لها ما كسبت وعليها ما اكتسبت وقد ثبت عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال اذا مات العبد انقطع عمله الا من ثلاث صدقة جارية عليه او ولد صالح يدعو له او علم ينتفع به من بعده فاخبر انه انما ينتفع بما كان تسبب اليه في الحيوة وما لم يكن قد تسبب فهو منقطع عنه

میت کو پہنچتا ہے۔ اب عبادات دو قسم ہیں مالی اور بدنی اور تیسری ان کے مرکب کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ اور حضور علیہ السلام نے ثواب صدقہ کے پہنچنے میں باقی عبادات مالیہ کے پہنچنے پر اشارہ کر دیا ہے اور روزہ کے ثواب پہنچنے میں آپ نے اشارہ کیا ہے کہ تمام عبادات بدنیہ کا ثواب پہنچتا ہے۔ اور آپ نے حج کے ثواب پہنچنے کی بھی خبر دی ہے جو عبادت مالی اور بدنی سے مرکب ہے پس تینوں قسم کا ایصالِ ثواب نص اور قیاس شرعی سے ثابت ہو گیا وباللہ التوفیق۔

پھر شیخ موصوف لکھتے ہیں کہ مخالفین کی دلیل یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ انسان کے لئے وہی ہے جو اس نے کمایا اور یہ بھی فرمایا کہ تم کو اسی کا بدلہ ملیگا جو تم دنیا میں کرتے تھے۔ پھر فرمایا کہ انسانی نفس کے لئے وہ نیک عمل کام آئیگا جو اس نے کمایا ہوگا۔ اور اس پر اس بدعملی کا بوجھ پڑیگا جو نفس پر دوسری کے لئے اس نے کمائی ہوگی۔ اور حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ انسان مرتا ہے تو اس کے عمل بند ہو جاتے ہیں۔ سوائے تین صورت کے کہ صدقہ جاریہ ہو جو اس کے نام پر چلتا ہے یا اولاد نیک ہو جو اسے نیک دعا دے یا مفید تعلیم ہو جس سے اس کے بعد لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ بہر حال حضور علیہ السلام نے وہ اعمال نافعہ بتائے ہیں کہ جن میں بحالتِ حیات خود انسان کی اپنی کوشش کا کچھ دخل ہو اور جنہیں اس کا کچھ دخل نہیں۔ وہ عمل

Marfat.com

ثم ذکر الشیخ دلائل عقیدتہم
واعتراضاتہم علی المجوزین
وقال اصحاب الوصول لیس
فی شیئ مما ذکرتم مایعارض
ادلۃ الکتاب والسنۃ واتفاق
سلف الامۃ ومقتضی قواعد
الشرع اما قولہ تعالیٰ وان
لیس للانسان الا ماسعیٰ
فقد اختلفت طرق الناس
فی المراد بالآیۃ فقالت طائفۃ
المراد بالانسان ھہنا الکافر
واما المؤمن فلہ ماسعیٰ
وماسعی لہ وقالت طائفۃ
الآیۃ اخبار شرع من قبلنا
وقد دل شرعنا علی ان لہ
ماسعی وماسعی لہ وقالت
طائفۃ اللام بمعنی علی ای و
لیس علی الانسان الا ماسعی
وقالت طائفۃ فی الکلام حذف
تقدیرہ وان لیس للانسان
الا ماسعی اوسعی لہ وقالت
طائفۃ اخری الآیۃ منسوخۃ بقولہ
تعالیٰ والذین امنوا واتبعتہم
ذریتہم بالایمان الحقنا بہم ذریتہم

ضرور بند کئے جائینگے۔ اس کے بعد شیخ موصوف نے انکے عقائد کے دلائل بیان کئے ہیں اور مجوزین ایصال ثواب پر انکے اعتراضات لکھے ہیں۔ پھر جو ایصال ثواب کے قائل ہیں انہوں نے مخالفین کو یوں خطاب کیا ہے کہ جو کچھ تم نے بیان کیا ہے۔ اس میں ایک دلیل بھی ایسی نہیں جو ہماری تحقیق کے مخالف ہو جو ہم نے کتاب وسنت اور اجماع سلف صالحین اور نتائج قیاس شرعیہ سے پیش کی ہے کیونکہ یہ آیت کہ لیس للانسان الا ماسعیٰ مفسرین کے درمیان مختلف فیہ ہے کہ اس انسان سے کیا مراد ہے۔ ایک جماعت کا قول ہے کہ اس سے مراد کافر انسان ہے اور مومن انسان کیلئے اس کی اپنی کمائی بھی مفید ہے اور وہ کمائی بھی مفید ہے جو غیر کی طرف سے اس کیلئے کی جائے جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے۔ ایک جماعت کی رائے ہے کہ یہ آیت پہلی شریعتوں کی خبر دیتی ہے۔ ورنہ ہماری شریعت میں تو اپنی اور غیر کی کمائی دونوں ثابت ہیں۔ ایک گروہ کا قول ہے کہ لام بمعنی علیٰ ہے اور اس کا یہ معنی ہے کہ انسان کا نقصان اسی کی کمائی سے ہوگا غیر کی بدعملی سے اسے نقصان نہیں پہنچیگا۔ ایک فریق کا خیال ہے کہ اس مقام پر (او سُعِیَ لَہٗ) مقدر ہے تو اصل آیت یوں ہوگی کہ لیس للانسان الا ماسعیٰ او سُعِیَ لَہٗ۔ ایک فریق کہتا ہے کہ یہ آیت ہی منسوخ ہے اس آیت سے کہ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور انکی اولاد ایمان لانے میں انکی تابع ہے تو ہم انکی اولاد کو ان ہی

Marfat.com

وهذا منقول عن ابن عباس
رضي الله عنهما وقالت طائفة
اخرى المراد بالانسان الحي دون
الميت - قال الشيخ رحمه الله تعالى
وهذه التاويلات كلها من
سوء التصرف في اللفظ العام -
ولم يرض به الشيخ ثم قال و
قالت طائفة اخرى وهو جواب
ابي الوفاء بن عقيل قال الجواب
الجيد عندي ان يقال الانسان
بسعيه وحسن عشيرته اكتسب الا
صدقاء واولد الاولاد ونكح
الازواج واسدى الخير وتوددوا
الى الناس فترحموا عليه واهدوا
له العبادات وكان ذلك اثر سعيه
كما قال صلى الله عليه وسلم ان اطيب
ما اكله من كسبه وان ولده من كسبه
وهذا جواب متوسط يحتاج الى تمام
فان العبد بايمانه وطاعته لله ورسوله
قد سعى في انتفاعه بعمل اخوان المؤمنين
مع عمله كما ينتفع بعملهم في الحيوة
مع عمله فان المؤمنين ينتفع بعضهم
بعمل بعض في الاعمال التي يشتركون فيها
كالصلاة في جماعة ثم قال فدخول المسلم مع

شامل کرینگے اور یہ قول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
سے منقول ہے۔ ایک جماعت کی رائے ہے کہ اس سے مراد
زندہ انسان ہے، مردہ انسان مراد نہیں شیخ موصوف
فرماتے ہیں کہ یہ تمام تاویلیں آیت کے عام الفاظ کو بری طرح
بگاڑتی ہیں اسلئے ہم انکو پسند نہیں کرتے۔ پھر ایک اور
جماعت کا قول نقل کرکے فرماتے ہیں کہ یہ جواب ابوالوفا
بن عقیل کی طرف سے دیا گیا ہے چنانچہ اس نے کہا ہے کہ
بہتر جواب میرے نزدیک یہ ہے کہ انسان اپنی کوشش سے
اور اپنی قوم کے نیک سلوک سے دوست پیدا کر لیتا ہے
بچے پیدا کرتا ہے بیوی سے نکاح کرتا ہے۔ غیر سے بھلائی
کرتا ہے۔ اور لوگوں سے دوستانہ گانٹھتا ہے تو لوگ
اسپر رحم کرتے ہیں اور عبادات کا تحفہ دیتے ہیں تو یہ
سب اسی کی کوشش کا نتیجہ ہوگا۔ کیونکہ حضور علیہ السلام
نے فرمایا ہے کہ انسان کی بہتر خوراک وہ ہے جو اپنی کمائی
سے کھائے۔ اس کی اولاد بھی اسی کی کمائی ہے مگر یہ
جواب نامکمل ہے اس لئے اسے تکمیل کی ضرورت ابھی
باقی ہے۔ کیونکہ انسان اپنے ایمان سے اور خدا و رسول
کی اطاعت سے اپنے عمل کے علاوہ اپنے مسلم بھائیوں
کے عمل سے بھی فائدہ اٹھانے میں کوشش کرتا ہے جیسا کہ
زندگی میں اپنے عمل کے ہوتے ہوئے انکے عمل سے فائدہ
اٹھاتا ہے کیونکہ مسلمان ایک دوسرے کے ایسے عمل سے
فائدہ اٹھایا کرتے ہیں جس میں ملکر شریک کار ہوں جیسے باجماعت
نماز ادا کرنا وغیرہ۔ پھر شیخ موصوف فرماتے ہیں کہ مومن کا
مسلمانوں کی جماعت میں داخل ہونا اور ان سے برادری

Marfat.com

جملۃ المسلمین فی عقد الاسلام من اعظم الاسباب فی وصول نفع کل من المسلمین الی صاحبہ فی الحیٰوۃ وبعد مماتہ ثم قال فالعبد بایمانہ قد تسبب الی وصول ھذا الدعاء الیہ فکانہ من سعیہ یوضحہ ان اللہ سبحانہ جعل الاعادۃ سببا لانتفاع صاحبہ بدعاء اخوانہ من المومنین وسعیہم فاذا اتی بہ فقد سعی فی السبب الذی یوصل الیہ ذالک وقد دل علی ذالک قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعمرو بن العاص ان اباک لو اقر بالتوحید نفعہ ذالک یعنی العتق الذی فعل عنہ بعد موتہ فلو اتی بالسبب لکان قد سعی فی عمل یوصل الیہ ثواب العتق وھذہ طریقۃ لطیفۃ حسنۃ جدا انتہی ماذکرہ الشیخ ابن القیم الجوزیۃ فی کتاب الروح فی المسئلۃ السادسۃ عشر بالاختصار قال العبد الضعیف

کا معاہدہ قائم کرنا ہی ایک بڑا سبب ہے اس امر کا کہ ہر ایک مسلم کو اپنے بھائی کی طرف سے فائدہ پہنچے زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی۔ پھر شیخ فرماتے ہیں کہ انسان اپنے ایمان کی وجہ سے اپنے حق میں دعائے خیر لینے کا باعث ہوتا ہے تو گویا یہ دعا بھی اسی کی کوشش ہے۔ اس کی وضاحت اس سے ہوتی ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے عبادت کو اس امر کا سبب بنایا ہے کہ وہ عابد اپنے مسلم بھائیوں کی دعا اور سعی سے فائدہ اٹھائے تو انسان جب عبادت کرتا ہے تو وہ گویا اس سبب کے پیدا کرنے میں کوشش کرتا ہے جس کے طفیل سے وہ فائدہ اسے پہنچایا جاتا ہے۔ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بھی دلالت کرتا ہے جو آپ نے عمرو بن عاص کو فرمایا تھا جبکہ اسکا باپ بحالت کفر مرگیا اور اس نے اسکی طرف سے ایک غلام آزاد کیا کہ اگر وہ توحید کا قائل ہو جاتا تو یہ غلام آزاد کرنا اسے مفید پڑتا جو اس کی موت کے بعد اسکی طرف سے آزاد کیا گیا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ اگر وہ سبب پیدا کرتا تو گویا یوں سمجھا جاتا کہ وہ ایک کام کرتا تھا جو اسکو غلام آزاد کرنے کا ثواب پہنچا دیتا۔ یہ طریق جواب بہت لطیف اور خوب ہے۔ اب وہ تمام مضمون مختصر طور پر یہاں ختم ہوگیا ہے جو شیخ ابن قیم جوزی نے اپنی تصنیف کتاب الروح کے سولھویں مسئلہ میں درج کیا ہے۔ اب عبد ضعیف (مولف رسالہ ہذا)

Marfat.com

ان قلت لاحد ليس لك من
الدنيا الا ما تملكه وجاء احدٌ
واعطاه مالا كثيرًا فلا يعارض
ما حصل له قولك ليس لك
من الدنيا الا ما تملكه انتهى. و
من تلك المسائل مسئلة البشرية
لسيدنا رسول الله صلى الله
عليه وسلم فقال قوم من اطلق
البشرية على النبي صلى الله عليه
وسلم فقد كفر لان في هذا
الاطلاق توهين للرسول والكفار
كانوا يقولون انما انت بشر وقال
قوم هو بشر مثلنا لان الله تعالى
امره بقوله قل انما انا بشر مثلكم
ومنزلته عندنا بمنزلة الاخ
الاكبر وليت شعري باى وجه فوه
الاخ الاكبر ان كان مرادهم بالاكبرية
المتقدم في الزمان فقط فابو لهب احق
باخوته لاتفاقهم معه في تحقير النبي
صلى الله عليه وسلم وان كانت الاكبرية
بالرتبة والتقرب الى الله تعالى فاى
مناسبة لهم به صلى الله عليه وسلم وان
كان مرادهم اخوة الاسلام فما معنى الاكبر
فانما المؤمنون اخوة ووقع الطائفتان

کہتا ہے کہ اگر تم کسی سے یوں کہدو کہ تیرے پاس
تو صرف دنیاوی مال وہی ہے جس کے تم اب مالک
ہو۔ مگر کسی نے آکر اسکے بعد اسے بہت مال دیدیا
تو اس واقعہ سے تمہارا وہ پہلا کہنا غلط نہ ہوگا
کہ تم صرف اتنے مال کے ہی مالک ہو۔ جواب تمہارے
پاس ہے (انتہیٰ) متنازع فیہ مسائل میں سے ایک
مسئلہ بشریت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ہے
ایک جماعت کا قول ہے کہ جو شخص آپ پر بشر کا لفظ
استعمال کرتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے کیونکہ ہمیں حضور
علیہ السلام کی توہین ہوتی ہے کیونکہ کافر ہتک کرتے ہوئے
یہ لفظ کہا کرتے تھے کہ تم آخر بشر ہی ہو۔ ایک فریق کا قول
ہے کہ آپ ہمارے جیسے ہی بشر تھے کیونکہ آپکو خدا نے حکم
دیا ہے کہ آپ کہدیں کہ میں تو تمہارے جیسا ہی انسان ہوں
اور ہمارے نزدیک آپ کا مرتبہ بڑے بھائی کے برابر ہے
مجھے معلوم نہیں ہو سکا کہ کس وجہ سے ان لوگوں نے رسول
کو بڑا بھائی بنایا ہے کیونکہ اگر اس بڑائی سے مراد پہلے زمانہ
میں ہونا مراد ہے تو ابولہب کو زیادہ مستحق ہے کہ انکا بھائی
بن جائے کیونکہ وہ نبی علیہ السلام کی توہین پہلے زمانہ میں
ان سے متفق ہو گیا ہے اور اگر بڑائی سے مراد مرتبہ کی بڑائی
ہے یا قرب الٰہی کی بڑائی مراد ہے تو ان کو حضور علیہ السلام
کوئی بھی تناسب حاصل نہیں ہے اور اگر ان کی مراد اسلامی
برادری ہے تو پھر بڑا بھائی کہنے سے کچھ فائدہ نہیں کیونکہ
تمام مومنین چھوٹے بڑے یکساں بھائی ہیں۔ بہرحال دونو
فریق افراط و تفریط میں پڑے ہوئے ہیں۔ حق بات یہ ہے کہ

Marfat.com

فی الافراط والتفریط والحق ان فی المسئلۃ تفصیل فالبشر اسم لاولاد آدم علیہ السلام بمعنی الانسان وسماہ اللہ تعالیٰ بشرا فقال تعالیٰ انی خالق بشرا من طین والنبی صلی اللہ علیہ وسلم سید اولاد آدم فاذا کان الاب بشرا لابد ان یکون الولد بشرا لکن البشر لہ صفات وخصوصیات ان ارتقی الی درجات القرب کان افضل من الملئکۃ وان نزل الی درکات البعد کان ارذل من الشیاطین فالانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام عموما وسیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالخصوص ارتقی بفضل اللہ و رحمتہ الی اقصی درجات القرب والتمکین حتی کان فی مقام قاب قوسین او ادنی لان فضل اللہ کان علیہ عظیما ومع ذلک القرب ھو بشر و انسان بقی الکلام فی المثلیۃ الواردۃ فی القرآن فالمثلیۃ ثابتۃ لاشتراک الناس معنی ماھیۃ البشریۃ والانسانیۃ لا فی خصوصیاتہا وصفاتہا ویکفی فی المثلیۃ الاشتراک فی الصفۃ الواحدۃ و لا یلزم الاشتراک فی جمیع الصفات فانک اذا قلت زید مثل الاسد فمقصودک اشتراک الزید مع الاسد فی صفۃ الشجاعۃ فقط لا فی جمیع صفات الاسد لانہ سبع والزید

اس مسئلہ کی تشریح یوں کی جائے کہ بشر اولاد آدم علیہ السلام کا نام ہے جس کے معنے انسان ہے. خدا نے آدم کو بھی بشر کہا ہے. چنانچہ خدا نے فرشتوں سے کہا تھا کہ میں مٹی سے ایک بشر پیدا کروں گا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی آدم علیہ السلام کی ہی اولاد ہیں اور جب باپ بشر ہے تو بیٹا بھی ضرور بشر ہی ہوگا مگر اس کے علاوہ بشر کے اور اوصاف اور خاصیتیں بھی ہیں جن کی وجہ سے وہ قرب الٰہی تک پہنچتا ہے اگر وہ یہاں پہنچ گیا تو فرشتوں سے بھی افضل ہوگا اور اگر بارگاہ الٰہی سے دوری کے گڑھوں میں گر گیا تو شیطان سے بھی زیادہ ذلیل ہوگا تو انبیاء علیہم السلام عموماً اور ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خصوصاً خدا کے فضل وکرم سے قرب الٰہی کے اعلیٰ درجات پر پہنچ چکے ہوئے ہیں. یہاں تک کہ آپ تو قاب قوسین او ادنیٰ کے مقام تک پہنچے ہوئے ہیں. کیونکہ خدا کا فضل آپ پر بے حد تھا باوجود اس قرب الٰہی کے پھر بھی آپ بشر اور انسان ہی ہیں. اب یہ بحث باقی ہے کہ قرآن شریف میں جو مثلکم آتا ہے اس سے کیا مراد ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ انسانی حقیقت میں اشتراک کی وجہ سے آپ کو دوسروں سے مساوات حاصل ہے مگر بشر کی خصوصیات اور اعلیٰ صفات میں ان سے الگ ہیں اور مساوات فی البشریۃ کے لئے صرف ایک وصف ہی کافی ہے اور یہ ضروری نہیں کہ آپ باقی صفات کاملہ میں بھی دوسروں کے مساوی ہوں یا وہ آپکے مساوی ہوں جیسا کہ تم یوں کہتے ہو کہ زید شیر ہے تو تمہارا مقصود صرف یہ ہوتا ہے کہ زید شیر کے ساتھ شجاعت میں مساوی اور شریک ہے. باقی صفات شیر میں شریک نہیں کیونکہ شیر وحشی جانور ہے اور زید

Marfat.com

انسان ولنعم ما قیل فی المثل السائر محمد صلی اللہ علیہ وسلم بشر لا کالبشر بل هو کالیاقوت بین الحجر وما ادری لای سبب ینفون البشریۃ عنہ صلی اللہ علیہ وسلم فان البشریۃ هی سبب لتصدیق رسالتہ ومعجزاتہ وخوارق عاداتہ فان المعجزات وخوارق العادات تصیر سببا لتصدیق دعوی الرسالۃ اذا صدرت من البشر واما ان صدرت من الملک او من الجن والشیاطین فای غرابۃ فیہ فان خوارق العادات من الملئکۃ والشیاطین امر عادی بل مفهوم المعجزۃ وخرق العادۃ یتصور بالنسبۃ الی الانسان بان غیر الانبیاء علیهم الصلوٰۃ والسلام یعجزون عن الاتیان بمثلہ فلذا سمیت المعجزۃ خرق العادۃ ای خرق عادۃ بنی آدم لا خرق عادۃ الملئکۃ والشیاطین قالوا انہ صلی اللہ علیہ وسلم نور لان اللہ سبحانہ وتعالی قال یا ایها الناس قد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین قلنا آمنا وسلمنا انہ نور لکن النورانیۃ تصیر سببا للمدح اذا صار البشر نورا بارتقائہ من کثافۃ البشریۃ الی معارج النور الاصلی اما غیر البشر

انسان ہے۔ ایک مشہور ضرب المثل میں خوب کہا گیا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بشر تو ہیں مگر عام بشر کی مانند نہیں بلکہ آپ یاقوت کی طرح ہیں کہ وہ بھی پتھر تو ہوتا ہے مگر اسے یاقوت کہتے ہیں پتھر نہیں کہتے۔ مجھے معلوم نہیں کہ یہ لوگ حضور علیہ السلام سے بشریت کی نفی کیوں کرتے ہیں حالانکہ بشریت ہی آپکی رسالت کی تصدیق اور آپکے معجزات اور خرق عادات کی تصدیق کا سبب ہے۔ کیونکہ انسان سے جب معجزات صادر ہوں یا خرق عادات تو یہی تصدیق رسالت کا سبب بنا کرتے ہیں۔ ورنہ اگر یہ سب کچھ فرشتوں سے صادر ہوں یا جن اور شیطان سے پیدا ہو تو کچھ تعجب نہ ہوگا کیونکہ خرق عادات فرشتوں اور شیاطین سے ایک مسلمہ اور عادی امر ہے بلکہ معجزہ اور خرق عادت کی حقیقت ہی انسان سے تعلق قائم کرنے کے ساتھ پیدا ہوا کرتی ہے کہ دوسرے انسان انبیاء علیہم السلام کے بغیر ایسا کرنے سے عاجز ہوا کرتے ہیں اسی بنا پر معجزہ کو خرق عادت کا نام دیا گیا ہے یعنی معجزہ بنی آدم کی روزمرہ عادت کے خلاف ہوتا ہے۔ ورنہ یہ مطلب نہیں کہ وہ معجزہ فرشتوں یا شیاطین کی طاقت سے بھی باہر ہوتا ہے۔ صوفی یہ بھی کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نور ہیں کیونکہ خدا نے فرمایا ہے کہ اے لوگو! تمہارے پاس اللہ کا نور آیا ہے اور روشن کتاب (قرآن مجید) لایا ہے۔ اسلئے آپکو بشر کہنا صحیح نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ یہ ہمیں بھی تسلیم ہے اور ہمارا بھی ایمان ہے کہ آپ نور ہیں مگر نورانیت انسان اور بشر ہی کے لئے تعریف کا سبب بنتی ہے جبکہ وہ کثافت بشری سے نکل کر اصلی نورانیت کے بلند مراتب پر ترقی کر جائے اور جب

Marfat.com

ان اتصف بالنور فالنورانية فيه طبعية لاكسبية قال الله تعالى والقمر نورا فالقمر ما ارتقى من كثافة المادية الى النورانية بكسبه بل خلقه الله تعالى نورا فيكون نورانيته طبعية وليس فيه غرابة ومدح معتد به قال الله تعالى يهدى الله لنوره من يشاء فالبشرية الصافية عن الكدورات النفسانية مدح واي مدح وكمال اي كمال والعجب من القوم كيف زعموا الكمال نقصا والمدح ذما انتهى۔ ومن تلك المسائل مسئلة التعظيم لغير الله تعالى قال قوم التعظيم لغير الله شرك اوكفر او بدعة على اختلاف آرائهم قال المؤلف وفقه ربه لما يحب ويرضى انى الفت كتابا قبل هذا باعوام مسمية بالاصول الاربعة فى ترديد الوهابية وبوبا وفتحت فيه بابا عنوانه الباب الاول فى جواز التعظيم لغير الله تعالى وشاع الكتاب بعد الطبع ووصل الى من يدعى العلم من جماعتهم فقال غير الله يدخل فيه الاصنام والاوثان وتعظيم الاصنام شرك۔ اقول عجبا له انا ما قلت

انسان کے بغیر اگر کوئی (مثلاً فرشتہ) نورانیت سے موصوف ہو جائے تو اس کی یہ تعریف شمار نہ ہوگی کیونکہ نورانیت اس میں فطرتی ہوتی ہے۔ جنمیں حاصل نہیں کی تی چنانچہ خدا فرماتا ہے کہ ہم نے چاند کو نور بنایا تو چاند نے کثیف مادہ سے نورانیت کی طرف ترقی نہیں کی بلکہ خدا نے اسے منور ہی پیدا کیا ہے تو اس کی نورانیت فطرتی ہوگی جسمیں نہ کوئی تعریف نکلتی ہے اور نہ قابل قدر وح پیدا ہوتی ہے خدا نے فرمایا ہے کہ خدا جسے چاہتا ہے اپنے نور کیطرف ہدایت کرتا ہے پس ایسی بشریت جو نفسانی کدورتوں سے صاف ہو ایک بڑی تعریف اور مدح ہے اور بہت بڑا کمال ہے۔ مجھے اپنے لوگوں پر تعجب آتا ہے کہ وہ کیسے کمال کو نقص بتاتے ہیں اور کس طرح مدح کو مذمت سمجھ رہے ہیں (انتہی) مختلف فیہ مسائل میں سے غیر اللہ کی تعظیم بھی ہے چند لوگوں کا خیال ہے کہ غیر اللہ کی تعظیم شرک ہے یا کفر ہے یا بدعت ہے۔ اس میں ان کی رائیں مختلف ہیں مؤلف رسالہ ہذا کہتا ہے (خدا اسے اس امر کی توفیق دے جسے وہ پسند کرتا ہے) کہ میں اس رسالہ سے پہلے کئی سال ایک کتاب تصنیف کر چکا ہوں جس کا نام ہے "الاصول الاربعہ فی تردید الوہابیہ" جس میں کئی باب ہیں اور ایک خاص باب اس عنوان سے لکھا ہے کہ "باب اول غیر اللہ کی تعظیم میں" اور وہ کتاب چھپ کر شائع بھی ہو چکی ہے اور جماعت مخالفین کے اہل علم کے پاس پہنچ بھی چکی ہے کہ تاہم مخالف کہتا ہے کہ غیر اللہ میں بت اور مورتیاں بھی داخل ہیں اسلئے تم انکی بھی تعظیم کیا کرو۔ حالانکہ یہ صحیح ہے کہ بتوں کی تعظیم شرک ہے اور جواب میں میں کہتا ہوں کہ میں یہ نہیں کہتا

Marfat.com

جمیع غیر اللہ حتی یدخل فیہ الاصنام اما قال تعالیٰ ان الانسان لیطغیٰ ان راٰہ استغنیٰ الا تدخل الانبیاء علیہم السلام فی نوع الانسان و کیف یحکم علیہم بالطغیان اما قال تعالیٰ یا بنی اٰدم خذوا زینتکم عند کل مسجد الا تدخل الکفار فی بنی اٰدم و کیف یکون زینتہم عند کل مسجد و امثال ذٰلک کثیر فی القراٰن کما فی قولہ تعالیٰ قتل الانسان ما اکفرہ وغیرہ ذٰلک فان دخل الاصنام فی عموم غیر اللہ یدخل الانبیاء المعصومون فی الطغیان و الکفار فی المساجد بزعمہم فما کان جوابہم کان جوابنا نعم بعض غیر اللہ الذی امر اللہ بتعظیمہ یجب تعظیمہ اما قال اللہ تعالیٰ و من یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب والصفا و المروۃ من شعائر اللہ قال اللہ تعالیٰ ان الصفا و المروۃ من شعائر اللہ وہما جبلان بقرب الحرم المکی و قال تعالیٰ والبدن جعلناہا لکم من شعائر اللہ والمزدلفہ و المنیٰ من شعائر اللہ قال اللہ

کہ جمیع غیر اللہ قابل تعظیم ہیں تاکہ ہمیں بت بھی شامل ہوں کیا خدا تعالیٰ نے یوں نہیں کہا کہ انسان سرکشی کرتا ہے جب وہ دیکھتا ہے کہ خود مالدار ہے تو کیا انبیاء علیہم السلام نوع انسانی میں داخل نہیں ہیں؟ اگر ہیں تو انپر سرکشی کا حکم کیسے صحیح ہوگا۔ خدا نے یہ بھی کہا ہے کہ اے بنی آدم ہر مسجد اور نماز کے وقت اپنی زینت حاصل کرو تو کیا کفار بنی آدم میں داخل نہیں ہیں؟ اگر ہیں تو ہر ایک نماز میں انکی زینت کیسے ہوگی۔ غرضیکہ اس قسم کی مثالیں قرآن میں بہت ہیں چنانچہ یہ ایک اور مثال ہے کہ خدا نے کہا ہے کہ انسان بڑا کافر ہے جس سے مراد تمام انسان نہیں۔ اس کے سوا اور بھی کئی ایک مثالیں ہیں پس اگر غیر اللہ کے عام لفظ میں بت داخل ہیں تو انبیائے معصوم بھی طغیان میں داخل کرنے پڑینگے اور کفار بھی انکے خیال میں داخل صلوٰۃ ہوں گے تو جو جواب تم دوگے وہی جواب ہم دینگے مگر ہاں بعض غیر اللہ وہ بھی ہیں جن کی تعظیم کا حکم خود خدا نے دیا ہے اسلیئے انکی تعظیم واجب ہوگی۔ کیا خدا نے یوں نہیں کہا کہ جو خدا کی یادگاروں کی تعظیم کرتا ہے تو تعظیم انکے دل کے تقویٰ کی علامت ہے۔ کوہ صفا و کوہ مروہ بھی اللہ کی یادگار ہیں۔ چنانچہ صاف لفظوں میں خدا نے کہا ہے کہ بیشک صفا و مروہ اللہ کے شعائر سے ہیں جو کہ حرم مکہ کے قریب دو چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں ہیں یہ بھی کہا ہے کہ بڑے جانور (اونٹ اور گائے) خدا نے تمہارے لیے اپنی یادگار بنائے ہیں مزدلفہ و منیٰ بھی شعائر اللہ

تعالی فاذکروا اللہ عند المشعر الحرام واما کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یستلم الحجر الاسود الیس فی الاستلام معنی التعظیم و امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بتعظیم الوالدین قال اللہ تعالی فی حقہما ولا تقل لہما اف ولا تنہرہما وقل لہما قولا کریما وقال ان اشکرلی و لوالدیک الیس فی الآیتین الامر بتعظیم الوالدین قال اللہ تعالی لا یمسہ الا المطہرون الیس فیہ تعظیم القرآن قال اللہ تعالی وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین الیس فی الآیۃ التعظیم للرسول وللمؤمنین قال اللہ تعالی لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجہروا لہ بالقول کجہر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون الیس فی الآیۃ التعظیم لرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم الی غیر ذلک من الآیات والاحادیث فی ہذا الباب فان سلمتم وجوب التعظیم لہؤلاء المذکورین فما معنی قولکم التعظیم لغیر اللہ حرام

ہیں چنانچہ خدا نے کہا ہے کہ مشعر حرام (مزدلفہ ومنی) میں اللہ کا ذکر کرو۔ ارے یہ تو بتاؤ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود کو کیا نہیں بوسہ دیا کرتے تھے؟ تو کیا بوسہ دینے میں تعظیم نہیں ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تو خود والدین کی تعظیم کا حکم دیا ہے اور خدا تعالے نے بھی کہا ہے کہ اے انسان تو اپنے ماں باپ کو ان کے جواب میں یہ بھی نہ کہو کہ (اُف) میں تمہارے کہنے سے بیزار ہوں بلکہ ان پر آواز نہ کسنا اور ان سے بات کہنی ہو تو انسانیت سے کہنا پھر کہا کہ اے انسان میرا شکر کر اور اپنے ماں باپ کا بھی شکریہ ادا کر۔ اب بتاؤ کہ کیا ان دونوں آیتوں میں والدین کی تعظیم کا حکم نہیں؟ یہ بھی کہا ہے کہ قرآن مجید کو پاک ہی ہاتھ لگائیں تو کیا اس میں قرآن کی تعظیم نہیں؟ پھر کہا کہ اللہ اور رسول اور مومنین کے لئے عزت ہے تو کیا اس آیت میں رسول اور مومنین کی تعظیم نہیں بتائی گئی؟ پھر خدا تعالی نے کہا کہ نبی کی آواز سے اپنی آوازیں بلند نہ کرو اور کوئی بات نبی سے کہنی ہو تو گستاخی سے اونچی آواز کے ساتھ مت کہو جیسے کہ تم ایک دوسرے کو کہہ لیتے ہو۔ ورنہ تمہارے نیک عمل سب ضبط ہو جائیں گے اور تمہیں پتہ بھی نہ لگے گا۔ تو کیا اس آیت میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی تعظیم مذکور نہیں؟ اس قسم کی اور بھی بہت آیات ہیں اور احادیث بھی اس مضمون کے متعلق بہت ہیں پس اگر تم مذکورۃ الصدر مخلوق کی تعظیم کا وجوب تسلیم کرتے ہو تو تمہارے اس قول کا کوئی مطلب نہ ہوگا کہ غیر اللہ کی تعظیم

Marfat.com

وان انکرتم فما معنی الآیات المذکورۃ وما معنی قولہ تعالیٰ و تعزروہ وتوقروہ وان اصررتم علی ضلالتکم فنقول کما قال اللہ تعالیٰ أرأیت من اتخذ الٰھہ ھواہ و اضلہ اللہ علی علم وختم علی سمعہ و قلبہ وجعل علی بصرہ غشاوۃ فمن یھدیہ من بعد اللہ فاذا کانت الاماکن والجبال والدواب واجب التعظیم بحکم القرآن فلاشک ان اولیاء اللہ تعالیٰ احیاءً اوامواتاً من عباد اللہ المؤمنین الصالحین کلھم واجب التعظیم وقد مر ما قال اللہ تعالیٰ وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین الیس الاولیاء و الصلحاء داخلین فی زمرۃ المؤمنین ومن الذی قال لئن رجعنا الی المدینۃ لیخرجن الاعز منھا الاذل ارادوا تحقیر من عظمہ اللہ تعالیٰ فرد اللہ علیھم بقولہ وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین وتحقیر من عظمہ اللہ تعالیٰ دیدان ای فریق من المسلمین آما سمعوا

حرام ہوتی ہے بالفرض اگر تم اسے تسلیم نہیں کرتے تو آپ ہمیں آیات مذکورہ بالا کا مطلب سمجھا دیں کیا ہے؟ اور اس آیت کا مطلب بھی بتا دیں کہ کیا ہے۔ وہ آیت یہ ہے کہ تم اپنے نبیؐ کی عزت و توقیر کیا کرو اور اگر تم اپنی گمراہی پر ہی اڑے رہے تو ہم تمہارے متعلق یہ آیت پڑھ دینگے کہ کیا تم ایسے لوگ نہیں دیکھتے ہو جو نفس پرستی کرتے ہیں؟ اور خدا نے دیدہ دانستہ ان کو گمراہ کر دیا ہے اور ان کے کان اور قلب پر مہر کر دی ہے اور آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے تو اب خدا کے بعد ان کو کون ہدایت دے سکتا ہے؟ پس جب مقامات مقدسہ اور پہاڑ اور جانور بھی قرآنی حکم سے واجب التعظیم ٹھہرے . . . . . تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اولیاء زندہ ہوں یا مردہ وہ سارے خدا کے نیک ایماندار بندے ہیں اور وہ واجب التعظیم ہیں چنانچہ میں پہلے یہ آیت لکھ چکا ہوں کہ عزت اللہ کی ہے اور اس کے رسول کی اور رسول کے ماننے والوں کی۔ تو کیا اولیاء اللہ اور صلحاء اور مومنین کی جماعت میں داخل نہیں؟ بھلا یہ بتاؤ کس نے کہا تھا کہ اگر ہم مدینہ میں واپس آئینگے تو صاحب عزت ذلیل کو وہاں سے نکال دیگا؟ میں بتاؤں، یہ منافقوں نے کہا تھا اور وہ اس سے رسول علیہ السلام کی توہین چاہتے تھے جس کو خدا نے واجب التعظیم قرار دیا تھا۔ اسلئے خدا نے انکی تردید میں کہا کہ عزت تو اللہ اور رسول کی ہے اور مومنین بھی ذی عزت ہیں۔ اب دیکھیں کون نکلتا ہے؟ سچ بتاؤ جس کو خدا واجب التعظیم ٹھہرائے اس کی توہین کرنا

Marfat.com

قوله صلى الله عليه وسلم للانصار حين جاء سعد بن معاذ رضي الله عنه قوموا لسيدكم فأمر بالقيام تعظيما له فان قيل الأمر بالقيام كان لنزوله عن الدابة لانه كان مريضا قلنا سوق الكلام يشهد بخلاف ذلك لانه لو كان المراد بالامر نزوله عن الدابة فالمناسب ان يقول قم يا فلان وانزل سعدا او قم يا فلان ويا فلان وانزلا سعدا لكن الامر بلفظ الجمع ولفظ السيد في حقه رضي الله عنه ينادي باعلى الصوت ان المراد بأمر قوموا لسيدكم التعظيم والتوقير اما علموا ان الصحابة رضي الله عنهم كانوا خاشعين في مجلسه الشريف كان على رؤسهم الطير والله يهدي من يشاء الى صراط مستقيم. ومن تلك المسائل مسئلة سماع الموتى قالوا الموتى لا يسمعون مستدلين بقوله تعالى انك لا تسمع الموتى وقوله تعالى وما انت بمسمع من في القبور قلنا المراد بالموتى ومن في القبور

کس مسلمان کا کام ہے۔ کیا تم مخالفین نے رسول علیہ السلام کا یہ حکم بھی نہیں سنا کہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ لڑائی سے واپس آئے تھے تو آپ نے انصار سے کہا تھا کہ اپنے سردار کا کھڑے ہو کر استقبال کرو تو یہ قیام تعظیمی تھا اگر یہ سوال کیا جائے کہ یہ حکم اس لئے تھا کہ آپ بیمار تھے تاکہ گھوڑے سے آپکو بآرام اتاریں۔ ورنہ تعظیم کے لئے یہ حکم نہ تھا۔ تو ہم کہیں گے کہ اس واقعہ کے متعلق سلسلۂ کلام اس کے خلاف ہے کیونکہ اگر گھوڑے پر سے اتارنا مراد ہوتا تو یوں کہنا مناسب تھا کہ ارے فلاں آدمی اٹھو اور ان کو گھوڑے سے اتارو۔ یا یوں حکم ہوتا کہ ارے فلاں وفلاں تم دونو اٹھو اور سعد کو گھوڑے سے اتارو۔ مگر یہاں تو جماعت کو مخاطب کیا ہے اور سعد کو سید کہا ہے اور یہ سید کا لفظ سعد رضی اللہ عنہ کے حق میں باآواز بلند پکارتا ہے کہ آپ نے جو فرمایا تھا کہ اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔ اس سے مراد حضرت سعد کی تعظیم و توقیر تھی پھر کیا مخالفین کو یہ معلوم نہیں کہ حضور علیہ السلام کے دربار میں صحابہ رضی اللہ عنہم ایسے متواضع ہو کر بیٹھتے تھے کہ گویا ان کے سر پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں۔ اب خدا جسے چاہے رہ راست کی ہدایت کرے۔ مختلف فیہ مسائل میں سے سماع موتٰی کا مسئلہ بھی ہے۔ مخالف کہتے ہیں کہ مردے نہیں سنتے اور ثبوت یہ دیتے ہیں کہ خدا نے حضور علیہ السلام سے کہا ہے کہ آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور یہ بھی کہا ہے کہ آپ ان مردوں کو نہیں سنا سکتے جو قبروں میں پڑے ہیں۔ اور ہم جواب میں یوں کہتے ہیں

Marfat.com

الکفار والمراد من السماع سماع قبول والدلیل علی ان المراد من السماع سماع قبول ان الکفار ما کان فی اذانہم صمم حتی لا یسمعوا کلام صلی اللہ علیہ وسلم فانہم وان کانوا یسمعون فی الظاہر لکنہم کانوا محرومین من سمع القبول ومن ہذا الباب قول المصلی سمع اللہ لمن حمدہ فان المراد من السماع سماع قبول کما یقال نادیت الامیر بحاجتی فما سمعہ یعنی ما سمعہ بسمع القبول فلیس فی الآیتین دلیل علی عدم سماع الموتی بل فیہما دلیل علی سماع الموتی لان المشبہ وہم الکفار یسمعون فکیف یشتبہ بمن لا یسمعون فکما ان الکفار یسمعون فی الظاہر کذلک الموتی یسمعون فی الظاہر واما سماع القبول فالکفار محرومون عنہ للانکار القلبی والموتی محرومون عنہ لعدم قدرتہم علی الجواب فکانہم ما سمعوا ومعنی الآیتین انک لا تسمع الموتی ولا تسمع من فی القبور انک لا تسمعہم بل اللہ تعالی یسمعہم علی حد قولہ تعالی انک لا تہدی من احببت ولکن اللہ یہدی من یشاء

کہ مُردوں اور قبر والوں سے مراد یہاں کفار ہیں اور سُننے سے مراد تصدیقی سننا ہے اور اس امر کا ثبوت کہ یہاں سُننے سے مراد تصدیقی سننا ہے یہ ہے کہ کفار کے کانوں میں بہرا پن نہ تھا کہ حضور علیہ السلام کا کلام نہ سُن سکتے۔ پس وہ اگرچہ بظاہر سنتے تھے لیکن تصدیقی سُننے سے محروم تھے۔ اسی محاورہ کے مطابق ہے نمازی کا یوں کہنا کہ سمع اللہ لمن حمدہ خدا اس کی بات مان لیتا ہے جو اسکی تعریف کرتا ہے یہاں بھی تصدیقی سُننا مراد ہے اسی طرح یہ محاورہ بھی ہے کہ مَیں نے امیر کو اپنی حاجت روائی کے لئے پکارا، مگر اس نے ایک نہ سُنی یعنی میری پکار کو منظور نہیں کیا پس دونوں آیتوں میں مُردوں کے نہ سننے کا ثبوت نہیں ملتا بلکہ ان میں سماع موتیٰ کا ثبوت ملتا ہے۔ کیونکہ یہاں کفار کو مُردوں سے مساوی مانا گیا ہے۔ حالانکہ یہ سُنتے تھے اور وہ نہیں سُنتے تھے تو یہ مساوات کیسے ہوگی؟ تشبیہ تب ہی صحیح ہوگی کہ دونو بظاہر سنتے تسلیم کئے جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح کفار بظاہر سُنتے ہیں تو مُردے بھی بظاہر سُنتے ہیں مگر تصدیقی سُننا دونوں میں نہیں کیونکہ کفار انکار قلبی کی وجہ سے اس سے محروم ہیں اور مُردے اس لئے محروم ہیں کہ وہ جواب نہیں دے سکتے تو گویا وہ بھی نہیں سُنتے۔ اب دونو آیت کا مفہوم یُوں ہے کہ آپ تو ان کو نہیں سنا سکتے۔ مگر خدا ان کو سنا دیگا جیسا کہ ارشاد ہے کہ آپ تو اسے ہدایت نہیں دے سکتے جسے آپ پسند کریں لیکن خدا جسے چاہے ہدایت

وقد نص فی القرآن ان اللہ یسمع من
یشاء وما انت بمسمع من فی القبور
رجعنا الی الکلام فی اصل السماع
فنقول ان السماع والنظر والکلام
والبطش والمشی وجمیع الافعال
الارادیۃ وظیفۃ الروح بمعاونۃ
الحواس والجوارح مادام فی حالۃ الحیوۃ
وبدون معاونۃ الحواس والجوارح بعد
الممات ومصداق ذالک حالۃ النوم
فان النوم یعطل فیہ الحواس الظاھرۃ
والباطنۃ والجوارح من العمل والروح
یری ویسمع وینظر ویتکلم ویبطش
ویلتذ بالمستلذات ویألم بالمؤلمات
فارواح الاحیاء مع حبسہا فی البدن
تفعل جمیع ماذکر فی النوم فارواح
الاموات المطلقات من حبس البدن
کیف لا تقدر علی ما تقدر
علیہ فی حالۃ حبس البدن
فلذا قیل النوم اخ الموت نعم
ارواح الکفار المحبوسین
فی الدرکات محرومون عن
الادراکات مشغولون بنتائج
سوء اعمالہم وکذا الفساق
ان لم یرحمہم ربہم

دے دیتا ہے اور قرآن مجید میں اس کی تصریح بھی
موجود ہے کہ خدا جسے چاہے سُنا دیتا ہے اور آپ اہل
قبور کو نہیں سنا سکتے۔ اب ہم اصل مسئلہ سماع موتےٰ
کی طرف رجوع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سُننا، دیکھنا
بولنا، حملہ کرنا، چلنا اور تمام خود اختیاری فعل روح
انسانی کا فرض ہیں کہ جب تک انسان زندہ رہے
اس کی روح حواس اور بیرونی اعضا کی امداد سے یہ
فرائض بہم پہنچائے اور موت کے بعد اس کا فرض ہے
کہ بغیر امداد حواس اور بیرونی اعضا کے یہ سب کام کرے
اس کی مثال نیند ہے کیونکہ نیند کی حالت میں تمام حواس
معطل ہو جاتے ہیں، خواہ ظاہری ہوں یا باطنی، اور
بیرونی اعضا بھی کام سے رہ جاتے ہیں مگر روح
حسب دستور چلتی ہے اور سنتی ہے، دیکھتی ہے، بولتی ہے
حملہ کرتی ہے، لذیذ چیزوں سے لذت بھی اٹھاتی ہے
اور موذی اشیاء سے تکلیف بھی پاتی ہے۔ پس ثابت
ہوا کہ زندہ کی روح بحالت نوم اگرچہ جسم میں مقید
ہے سب کچھ کر لیتی ہے تو مُردہ کی روح جو جسمانی قید
سے رہا ہو چکی ہے کیسے ان افعال پر قادر نہ ہوگی
جن پر کہ بقید جسمانی قادر تھی۔ اسی بنا پر کہا گیا ہے
کہ نیند موت کے برابر ہے اور ارواح کفار کے جو
دوزخ کے قید خانوں میں قید ہیں وہ ان امور کے دریافت
کرنے سے محروم رہتے ہیں اور اپنی بدعمل کے نتائج
میں مبتلا رہتے ہیں اسی طرح گنہگاروں کی روحیں
بھی جبتک کہ خدا ان پر رحم نہیں کرتا۔ اپنے عذاب

Marfat.com

ومن تلك المسائل مسئلة التوسل عند الله تعالى بارواح الصلحاء من عباده احياءً وامواتاً وهذه المسئلة لها فروع الفرع الاول بان ينادى ربّه ويتوسل بروح الصالح من عباده المقرب لبابه نحو قولنا اللهم انى اتوسل اليك بروح سيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم او بروح الشيخ الفلانى وهذا النوع جائز لاغبار عليه عند كافة الامة المرحومة الامن اعمى الله قلبه وختم على سمعه وبصره وقد هدانا الله تعالى الى هذا بقوله يا ايها الذين اٰمنوا اتقوا الله وابتغوا اليه الوسيلة فلفظه اتقوا الله قبل الامر بابتغاء الوسيلة تشير الى الحث واللزوم بابتغاء الوسيلة الى حضرة قدسه تعالى وتعليم الادب لعباده بتقديم الوسيلة لان طلب المسئول من اكابر الوقت غالبًا لا يكون بدون تقديم الوسيلة من الهدايا او شفاعة مقرب عنده كذلك طلب

میں مصروف و مبتلا رہتے ہیں متنازع فیہ مسائل میں سے ایک توسّل کا مسئلہ بھی ہے کہ آیا اللہ کے نیک بندوں کی روحوں کا خواہ وہ زندہ ہوں یا مُردہ خدا کی بارگاہ میں وسیلہ بنایا جائے؟ اور اس مسئلہ کی دو صورتیں ہیں اول یہ کہ انسان خدا کو پکارے اور بارگاہِ الٰہی کے صالح بندوں میں سے کسی ایک کو اپنا وسیلہ بنائے جیسا کہ یوں کہے کہ یا اللہ میں تیری بارگاہ میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کا وسیلہ لاتا ہوں۔ یا یُوں کہے کہ فلاں شیخ کی روح کا وسیلہ لاتا ہوں۔ یہ صورت بلاشبہ جائز ہے تمام اُمت محمدیہ کے نزدیک۔ ہاں اسکا وہ مخالف ہے جس کے دل کو خدا نے اندھا کیا ہوا ہے اور اس کے کان اور آنکھ پر مُہر کر دی ہے اور ہمیں خدائے تعالےٰ نے اس آیت سے ہدایت کا راستہ بتا دیا ہے کہ اے لوگو جو ایمان لائے ہو خدا کے عذاب سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلۂ نجات طلب کرو۔ اس آیت میں وسیلہ طلب کرنے سے پہلے یہ لفظ ہے کہ اللہ کے عذاب سے ڈرو۔ اس میں یہ اشارہ ہے کہ خدا کی مقدس بارگاہ میں وسیلہ طلب کرنے پر شوق دلایا گیا ہے اور اسے واجب قرار دیا گیا ہے۔ اور بندگانِ اللہ کے وسیلہ پیش کرنے سے ادب کی تعلیم دی گئی ہے۔ کیونکہ دنیاوی اکابر سے عموماً اپنی حاجت طلب کرنا یوں ہی ہوتا ہے کہ ہدیہ یا تحفہ کو وسیلہ بنایا جائے یا کسی مقرب کی سفارش پیش کی جائے جس کی عزت اُس بزرگ کے دل میں ہو

المسئول من الملك العلام لا يصلح الا بتقديم الوسيلة واوثق الذرائع واحسن الهدايا الى الغنى المنعام التوسل بارواح الصالحين من عباده قالوا التوسل المأمور فى القران انما يكون بالاعمال لا بالابدان مستدلين بحديث الثلاثة الذين حبسوا فى الغار قلنا كما يجوز التوسل بالاعمال كذالك يجوز بالابدان كما توسل سيدنا الفاروق رضى الله عنه عام قحط المطر بسيدنا العباس رضى الله عنه ولان التوسل بالاشخاص حقيقة هو التوسل باعمال ذلك الشخص لا بجسمه الظاهر فصار التوسل بالاشخاص توسلا بالاعمال۔ الفرع الثانى من التوسل بان ينادى الى روح احد من عباد الله الصالحين بان يقول يا سيدي رسول الله اغثنى او يا سيدى الشيخ الفلانى امددنى ففيه تفصيل

علیٰ ہذا القیاس عالم الغیب خدا بادشاہ کے دربار میں بھی اپنی حاجت طلب کرنا سوائے وسیلہ پیش کرنے کے اور کوئی پختہ ذریعہ تلاش کرنے کے بغیر صحیح نہ ہوگا۔ اور اس سخی لا پرواہ خدا کے دربار میں بہترین تحفہ یہی ہے کہ ارواح عباد اللہ صالحین کو وسیلہ بنایا جائے مگر مخالف کہتے ہیں کہ جس وسیلہ پیش کرنے کا حکم قرآن مجید میں ہے اس سے مراد صرف اعمال صالحہ ہی ہیں کسی کی شخصیت وسیلہ نہیں ہوسکتی اور ثبوت میں وہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ تین آدمی غار میں پھنس گئے تھے حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنے اپنے اعمال حسنہ کو پیش کرکے دعا مانگی تھی اور وہ دعا منظور بھی ہوگئی تھی اور ہم جواباً کہتے ہیں کہ توسل جس طرح اعمال سے جائز ہے۔ اسی طرح خدا کے نیک بندوں سے بھی صحیح ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں قحط پڑ گیا تھا تو آپ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے توسل کیا تھا۔ درحقیقت کسی نیک بندے کا توسل پیش کرنا اس کا یہی مطلب ہوتا ہے کہ اس کے نیک عمل پیش کئے جاتے ہیں۔ ورنہ ظاہری جسم پیش نہیں کیا جاتا تو اس لحاظ سے شخصی توسل بھی توسل بالاعمال بن جاتا ہے ۔ دوسری صورت یہ ہے کہ انسان خدا کے نیک بندوں میں سے کسی ایک کی روح کو پکارے اور یوں کہے کہ اے میرے مالک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم میری فریاد رسی فرمایئے یا یُوں کہے کہ اے حضرت آقا فلاں شیخ میری مدد کیجئے۔ تو اس کی تشریح یوں ہے

Marfat.com

ان كان مراد القائل التجوز اعنى نداءه
للعبد الصالح بطريق المجاز ويعلم
ان المعطى والمانع هو الله تعالى و
والعبد الصالح وسيلة الى حضرة قدسه
ويعد نفسه احقر من ان يناجى
ربه فذلك جائز لان الاعمال بالنيات
ولكل امرئ ما نوى فالله تعالى هو
المعطى والنبى صلى الله عليه وسلم
هو القاسم وقد جرت العادة للفقراء
والمحتاجين باظهار فقرهم للقاسم
لا المعطى و تتفرع على هذا البحث
مسئلة جواز نداء الغائب وعدم جوازه
قالوا لا يجوز النداء للغائب ومن
اعتقده فقد اشرك بالله تعالى قلنا
ما مرادهم بالغائب الغائب عن النظر
ام الغائب عن القلب فان كان مرادهم
الغائب عن النظر فالله تعالى
غائب عن النظر قال الله تعالى
لا تدركه الابصار وهو
يدرك الابصار فلا يجوز لاحدهم
ان يقول يا الله وان كان مرادهم
الغائب عن القلب فالله تعالى حاضر
فى قلب كل مؤمن بر وليس بغائب و
رسول الله صلى الله عليه وسلم ايضا حاضر فى قلب

کہ اگر اس کی مراد مجاز ہے یعنی جب وہ نیک بندے کو
پکارتا ہے تو مجازی طریق پر پکارتا ہے۔ ورنہ وہ بھی جانتا
ہے کہ خدا ہی دیتا ہے یا روکتا ہے مگر عبد صالح درمیان
میں وسیلہ ہے کیونکہ وہ خدا کی بارگاہ میں مقرب ہے اور
میں اس امر کے لائق نہیں کہ خدا سے کوئی راز کی بات کہوں
تو یہ صورت جائز ہوگی کیونکہ اعمال کی بنیاد نیت پر ہوتی
ہے اور انسان کو نیت کا پھل ملتا ہے۔ خدا دینے والا ہے
اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خدا کا عطیہ تقسیم کرنے والے
ہیں اور یہ دستور چلا آیا ہے کہ فقیر اور محتاج تقسیم کرنیوالے
کے پاس اپنی ضرورت پیش کیا کرتے ہیں اور اصل سخی کی خدمت
میں پیش نہیں کرتے۔ اسی بحث سے ایک اور مسئلہ بھی حل
ہو جاتا ہے کہ غائب کو پکارنا صحیح ہے یا ناجائز؟ مخالف
کہتے ہیں کہ ناجائز ہے کہ غائب کو پکارا جائے اور جو شخص
ایسا عقیدہ رکھتا ہے وہ خدا سے شرک کرتا ہے۔ مگر ہم پوچھتے
ہیں کہ غائب کے لفظ سے تمہارا کیا مطلب ہے؟ آیا وہ
آدمی جو نظر سے غائب ہو یا دل سے غائب ہو؟
اگر تم نظر سے غائب مراد لیتے ہو تو خدا بھی نظر سے
غائب ہے۔ کیونکہ قرآن مجید میں آیا ہے کہ خدا کو نظر
دریافت نہیں کر سکتی اور وہ بندوں کی نظر کو دریافت
کر لیتا ہے۔ تو کسی مخالف کو بھی یہ کہنا جائز نہ ہوگا کہ
وہ کہے اے "اللہ" اگر مخالف کی مراد اس لفظ سے وہ غائب
ہے جو دل سے پوشیدہ ہو تو خدا تعالیٰ تو ہر ایک کے
قلب میں حاضر ہوتا ہے اور کبھی غائب نہیں ہوتا اور رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہر ایک مومن کے قلب میں

Marfat.com

كل مؤمن به وليس بغائب فهو ينادي الى من في قلبه وحاضر القلب اعلى واحلى من حاضر النظر فما بقي للغائب محل يمنعون النداء اليه واما قولهم فالله تعالى يسمع والنبي صلى الله عليه وسلم لا يسمع ففيه بحث ليس هذا محل نشره وقد سبق في مسئلة سماع الموتى نبذا منه ولئن سلم ان النبي صلى الله عليه وسلم لا يسمع فنقول فالله تعالى سمع قول القائل يارسول الله اغثني او ما سمع لا سبيل الى الثاني فاذا سمع من عبده النداء لحبيبه وصفيه واستغاثته برسوله الذي هو بالمومنين رؤف رحيم اليس مقتضى كرمه انجاح مطلوبه فان قلت نعم فهو المطلوب ان قلت لا فعليك بالبرهان وايضا في الحديث الذي اخرجه البخاري في صحيحه عن ابي هريرة انه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى قال من عادى لي وليا فقد آذنته بالحرب وما تقرب الى عبد بشيء

حاضر ہوتے ہیں اور غائب نہیں ہوتے پس مومن بھی اسی کو پکارتا ہے جو اس کے دل میں حاضر ہوتا ہے اور دل کا حاضر نظر کے حاضر سے بالاتر اور مرغوب تر ہوتا ہے تو کوئی ایسا غائب نہ رہا جس کو پکارنا وہ ناجائز سمجھتے ہیں اور مخالفین کا یہ کہنا کہ خدا تو سنتا ہے مگر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کسی کی پکار نہیں سنتے، قابل غور ہے۔ یہ مقام اس پر بحث کرنے کا نہیں اور مسئلہ سماع موتیٰ میں اس کی کچھ تفصیل گذر بھی چکی ہے اگر بالفرض تسلیم بھی کیا جاوے کہ حضور علیہ السلام کسی کی پکار نہیں سنتے تو ہم پوچھتے ہیں کہ بتاؤ کہ یا رسول اللہ اغثنی کا نقرہ خدا سنتا ہے یا نہیں؟ یہ تو ناممکن ہے کہ خدا نہ سنے۔ تو جب وہ سنتا ہے کہ اس کا ایک بندہ اس کے حبیبؐ اور برگزیدہ نبی علیہ السلام کو پکار رہا ہے اور اس کے اس رسول علیہ السلام سے فریاد کر رہا ہے جو مومنین پر کمال طور پر رحمدل ہے تو کیا خدا کا فضل یہ روا نہ رکھیگا کہ اس کی مراد پوری کرے۔ بس اگر تم اسے مانتے ہو تو ہمارا مطلب بھی یہی ہے۔ اگر انکار کرتے ہو تو کوئی صحیح دلیل پیش کرو۔ دیکھو ایک حدیث میں آیا ہے جو امام بخاریؒ نے اپنی کتاب میں درج کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خدا نے کہا ہے کہ جو شخص میرے مقرب دوست سے عداوت کرے، میں اُسے لڑائی کا اعلان کروں گا۔ اور میری بارگاہ میں انسان کے لئے تقرب کا وسیلہ اس سے بڑھ کر

Marfat.com

احب الی مما افترضتہ علیہ ولا یزال
العبد یتقرب الی بالنوافل حتی
احببتہ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی
یسمع بہ و بصرہ الذی یبصر بہ الحدیث
وای اقرب الیہ تعالیٰ من حبیبہ
صلی اللہ علیہ وسلم ثم اذا سمع بسمعہ
تعالیٰ و بصر ببصرہ تعالیٰ فکیف
لا یسمع من ینادیہ من قریب او
بعید فان ذلک القرب والبعد انما
ھو باعتبارنا لا باعتبارہ صلی اللہ
علیہ وسلم وھذا مشاھد لمن اکتحلت
عینا بصیرتہ بالنور الالٰہی انتہی
ومن تلک المسائل مسئلۃ زیارۃ
قبور الانبیاء والاولیاء قالوا
السفر لزیارۃ القبور ولو کان
قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بدعۃ او شرک باختلاف اقوالھم
وما ادری کیف یجترؤن علی شرک
جمیع الامۃ من لدن زمنہ صلی
اللہ علیہ وسلم الی ھذا الوقت و
قد قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
لا یجتمع امتی علی الضلالۃ
وید اللہ علی الجماعۃ ومعلوم ان
من قال لاخیہ المؤمن یا کافر

نہیں کہ جو میرے فرائض ہیں ان کو وہ ادا کرے۔
اسی طرح میرا بندہ نوافل سے میرا مقرب بنتا چلا جاتا
ہے۔ یہاں تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں
تو پھر میں خود اس کی قوتِ سماعت بن جاتا ہوں تو
وہ میرے ذریعہ سے سنتا ہے اور اس کی بصارت
بن جاتا ہوں تو وہ مجھ سے دیکھتا ہے الخ۔ بتاؤ خدا
کا بڑا مقرب اس کے حبیب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے بڑھ کر کون ہے تو ثابت ہوا کہ حضور
علیہ السلام خدائی سماعت سے سنتے ہیں اور اسی کی
بصارت سے دیکھتے ہیں تو پکارنے والا خواہ قریب ہو
یا بعید آپ اس کی پکار کیوں نہ سنیں گے؟ کیونکہ قرب
و بُعد کا فرق تو ہمارے متعلق ہوتا ہے۔ حضور علیہ السلام
کے متعلق نہیں ہوتا۔ اس کا شاہدہ وہ شخص کر سکتا ہے
جس کی دونوں آنکھوں میں نورِ الٰہی کا سُرمہ لگا ہوا ہو۔ (انتہی)
متنازع فیہ مسائل میں سے ایک مسئلہ قبور انبیاء و اولیاء
کی زیارت کا بھی ہے۔ مخالفین کہتے ہیں کہ زیارتِ
قبور کے لئے سفر کرنا بدعت ہے۔ اگرچہ وہ قبر رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی ہو بعض کہتے ہیں وہ شرک
ہے۔ بہرحال ان کا آپس میں بڑا اختلاف ہے مجھے معلوم
نہیں ہوتا کہ وہ کیسے تمام امت محمدیہ کو مشرک بنانے کی
جرأت کر لیتے ہیں جو عہد رسالت سے لیکر اب تک چلی
آتی ہے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری
اُمت گمراہی پر متفق نہ ہو گی اور اس جماعت پر خدا کا ہاتھ ہے
اور یہ معلوم ہے کہ جو شخص کسی مومن کو یہ لفظ کہے اے کافر

Marfat.com

فقد باء بر احدهما فالى الله المشتكى فقطع النظر من الاحاديث فى باب زيارة القبور واقوال العلماء نقول اما قال الله تعالى ولو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما فهل قيّد سبحانه تعالى مجيئهم فى حال الحيوة كما اولوها وهل قيّد مجيئهم من قريب او بعيد كما زعموها بل هى عام الدلالة فى حياته و بعد مماته من قريب او بعيد؟ اجمع الامة قديما وحديثا بجواز زيارة القبور و ترغيب زيارة قبور الصلحاء ففى زيارة القبور نفع للميت بالدعاء له بالمغفرة واهداء ثواب القرأة لروحه ونفعٌ للزائر بالتيقظ والتهيئ للموت وشفاعة ارواح الصلحاء فى حق زائريهم ولا عبرة بفعل بعض الجهلاء من السجود لقبور الاولياء او الطواف بالقبور فان كلا منهما حرام واللازم على اهل البصيرة ان يعلموهم اداب الزيارة ولا يمنعوهم من اصل الزيارة الا ترى

تو ان دونوں میں سے ایک ضرور کفر لیکر لوٹتا ہے والی اللہ المشتکیٰ اس سے قطع نظر کر کے کہ زیارت قبور کے متعلق کئی ایک احادیث وارد ہیں اور اہل علم کے تحقیقی قول بھی موجود ہیں ہم کہتے ہیں کہ کیا خدا نے یوں نہیں کہا کہ اے نبیؐ جن لوگوں نے اپنی جان پر ظلم کیا تھا اگر وہ آپکے پاس آجاتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور آپ خدا کے رسول بھی ان کے لئے مغفرت طلب کرتے تو وہ ضرور خدا کو مہربان اور توبہ قبول کرنے والا پاتے ۔ اب تم بتاؤ کیا اس آیت میں خدا نے رسول کی زندگی کی شرط لگائی ہے ؟ جیسا کہ تم اس کی تاویل کرتے ہو۔ یا یہ شرط لگائی ہے کہ آنے والا دور ہو یا نزدیک جیسا کہ تمہارا خیال ہے ۔ نہیں نہیں ۔ یہ آیت عام مفہوم رکھتی ہے ۔ خواہ زندگی میں کوئی آئے یا آپکی وفات کے بعد ۔ پھر وہ خواہ قریب ہو یا بعید قدیم اور موجودہ اُمت کا اتفاق ہے کہ زیارت قبور جائز ہے اور قبور صلحاء کی ترغیب دینا بھی جائز ہے ۔ کیونکہ زیارت قبور میں میت کو بھی فائدہ حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس کے لئے دعائے مغفرت کی جاتی ہے اور قرأۃ قرآن کا ثواب دیا جاتا ہے اس کی روح کو) اور زائر کو بھی فائدہ ہوتا ہے کہ وہ ہوشیار ہو جاتا ہے اور موت کی تیاری کرتا ہے اور خدا کے نیک بندوں کی روحیں بارگاہ الٰہی میں اس کی شفاعت کرتی ہیں ۔ مگر جو کچھ جاہل وہاں جا کر کرتے ہیں مثلاً قبر کو سجدہ کرنا یا اس کا طواف کرنا ۔ تو وہ بہر حال حرام ہوتا ہے اور اہل علم کا فرض ہے کہ ان کو آداب زیارت کی تعلیم دیں اور اصل زیارت سے ممانعت نہ کریں کیا

Marfat.com

او ان ضريرا فاقد البصر دخل مسجدا وصلى الى غير القبلة فاللازم على اهل البصيرة ان يعلموه و يحولوا وجهه نحو القبلة او يمنعونه من الصلوٰة اصلا و اما استدلالهم بحديث لا تشد الرحال الا الى ثلاثة مساجد فانه مخصوص بالمساجد كما ورد فى بعض روايات الحديث لفظ المسجد بقوله عليه الصلوٰة والسلام لا تشدوا الرحال الى مسجد الا الى ثلاثة مساجد فان شد الرحال الى التجارات والغزوات ونحوها مامور الشرع الشريف ولا ينكره الا الجاحد الغبى قال الله تعالىٰ و اتخذوا من مقام ابراهيم مصلى و مقام ابراهيم من اثار الصالحين فاذا كانت الاثارها مورا بالصلوٰة فيها فما ظنك بضرائحهم الشريفة اذا لم تكن القبور محاذية القبلة. ومن تلك المسائل مسئلة الشفاعة قالوا الشفاعة غير ممكنة فانها لا تكون الا بان يكون الشفيع وجيها عند الله تعالىٰ او يكون محبوبا لله تعالىٰ وهذان محالان فى حق الله تعالىٰ والثالث الشفاعة

تم نہیں دیکھتے کہ جب نابینا مسجد میں آکر نماز پڑھتا ہے اور قبلہ رُخ نہیں ہوتا۔ تو دیکھنے والے کا کیا فرض ہوتا ہے کہ اُسے بتائے اور اس کا رُخ قبلہ کی طرف کرے یا یہ فرض ہوگا کہ وہاں اسے نماز سے روک دیں۔ مگر ان کی یہ دلیل کہ حدیث میں ہے کہ تین مسجدوں کے بغیر کسی اور مقام کی طرف سواری پر سفر نہ کیا جائے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث مساجد سے مخصوص ہے۔ جیسا کہ اس حدیث کی بعض روایات میں مسجد کا صاف لفظ موجود ہے۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا ہے کہ کسی مسجد کی طرف شد رحال یعنی سفر نہ کیا جائے سوائے تین مساجد کے اور تجارت اور جہاد وغیرہ کی طرف سفر کرنا خود شرع شریف میں فرمایا گیا ہے جس کا انکار ہٹ دھرم بیوقوف کے سوا کوئی نہیں کر سکتا۔ دیکھو خدا کا حکم ہے کہ مقام ابراہیم علیہ السلام کو اپنی نماز کی جگہ بناؤ اور مقام ابراہیم صالحین کے آثار میں سے ہے۔ تو جب ایسے آثار صالحین میں نماز ادا کرنے کا حکم ہے تو ان کے مزارات کے متعلق تمہارا ممانعت کے لئے کیا خیال ہو سکتا ہے۔ بشرطیکہ ان کے مزارات شریف نمازی کے قبلہ کی طرف نہ ہوں متنازع فیہ مسائل میں سے ایک مسئلہ شفاعت کا بھی ہے۔ مخالفین کہتے ہیں کہ شفاعت ناممکن ہے کیونکہ شفاعت اسی صورت میں ہو سکتی کہ شافع وجیہ ہو۔ یا خدا کا محبوب ہو اور یہ دونو امر خدا کے یہاں محال ہیں۔ تیسری صورت شفاعت بالاذن کی ہے اور یہ گو نفی شفاعت کے برابر ہے۔ کیونکہ یہ نہ تو

Marfat.com

بالاذن فهی لا شفاعة لا تکون لاھل الکبائر ولا للمصرین علی الصغائر وبعض الصغائر ان قارنها التوبة والندامة فیرحمهم ربه ولا یستطیع العفو بلا سبب فیاذن لمن یشاء بشفاعته ویغفر برحمته انتهی عقیدتهم

اقول اولاً لا نسلم ان شفاعة الوجیه او المحبوب محال لان علی اللہ تعالی الخوف من الشفیع ولا الالم من عدم رضاء محبوبه بل بمحض فضله وکرمه علی رسوله وخواص عبادہ وثانیاً ثبوت وجاهة النبی صلی اللہ علیه وسلم فی حضرة ربه الاعلی ومحبته له قال اللہ تعالی فی حق سیدنا عیسی علیه السلام وجیها فی الدنیا والاخرة ومن المقربین وقال اللہ تعالی فی حق سیدنا موسی علیه السلام فبرأه اللہ مما قالوا وکان عند اللہ وجیها فاذا کان سیدنا عیسی علیه السلام وسیدنا موسی علیه السلام وجیهین ومن المقربین فسیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اولی واحق بذالک قال اللہ تعالے وکان فضل اللہ علیک عظیما وقال تعالی

کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے ہوگی نہ صغیرہ گناہ پر اصرار کرنے والوں کے لئے ہوگی اور چند صغیرہ گناہ والوں پر خدا خود ہی رحم کردے گا جبکہ توبہ اور ندامت ان کے ساتھ ہوگی۔ تو خدا بھی کسی سبب کے بغیر ان کو معاف نہیں کریگا لیکن جسے چاہے معاف کردیگا اور جسے چاہے گا شفاعت کی اجازت دیگا (ان کا عقیدہ یہاں ختم ہوا) مگر میں پہلے تو یہ کہتا ہوں کہ وجیہ اور محبوب کی شفاعت محال نہیں ہے خدا کے نزدیک بلکہ ضروری ہے نہ اس لئے کہ خدا شفیع سے ڈریگا اور نہ اس لئے کہ خدا اپنے محبوب کو ناراض کرنے سے دردمند ہوگا۔ بلکہ اس لئے کہ وہ اپنے محبوب اور اپنے خاص بندوں پر خاص فضل وکرم کریگا۔

(دوم) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وجاہت بارگاہ الٰہی میں از روئے قرآن ثابت ہے اور آپکی محبوبیت بھی ثابت ہے۔ ارشاد ہے کہ عیسے علیہ السلام دنیا و آخرت میں وجیہ ہیں اور مقربین بارگاہ الٰہی میں سے ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق ارشاد ہے کہ جو الزام مخالفین دیتے تھے۔ اس سے خدا نے آپ کو بری کردیا اور آپ خدا کے دربار میں وجیہ تھے اور جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام وجیہ اور مقرب بارگاہ الٰہی ٹھیرے تو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس مرتبہ کے سب سے بڑھ کر حقدار ہوں گے۔ کیونکہ ارشاد ہے کہ آپؐ پر خدا کا فضل بہت بڑا ہے۔ اور یہ بھی ارشاد ہے کہ

Marfat.com

قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ فاذا کان التابع لہ محبوبًا عند اللہ تعالیٰ افلا یکون المتبوع محبوبا عندہ تعالیٰ وقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وانا حبیب اللہ فاذا ثبت وجاھتہ عند اللہ تعالیٰ ومحبتہ مولاہ لہ فای مانع من قبول شفاعتہ وقال صلی اللہ علیہ وسلم اعطیت الشفاعۃ قال اللہ تعالیٰ عسیٰ ان یبعثک ربک مقامًا محمودا واجمع المفسرین بان المراد بالمقام المحمود ھی الشفاعۃ الکبریٰ رجعنا الی القسم الثالث من الشفاعۃ فنقول اولًا ان الاستغفار وطلب المغفرۃ لاحد ھی الشفاعۃ وقد امر اللہ تعالیٰ انبیائہ علیہم الصلوٰۃ والسلام بطلب المغفرۃ لامھم قال سیدنا ابراھیم علیٰ نبیّنا وعلیہ السلام ربنا اغفرلی ولوالدیّ وللمؤمنین یوم یقوم الحساب وقال سیّدنا

آپ فرمادیں کہ اے مومنین اگر تم خدا کے محبوب بننا چاہتے ہو تو میری تابعداری کرو تب خدا تعالیٰ تم کو بھی اپنا محبوب بنا لے گا۔ خیال کرو کہ جب تابع محبوب الٰہی ہوا تو متبوع کیوں محبوب الٰہی نہ ہوگا۔ حالانکہ خود رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرا خطاب محبوب الٰہی ہے۔ تو جب آپ کی وجاہت خدا کے دربار میں ثابت ہے اور خدا کی محبت بھی ثابت ہے تو آپ کی شفاعت کے منظور ہونے میں کیا کسر باقی ہے اور آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ مجھے خاص طور پر شفاعت کرنے کا مرتبہ عطا ہوا ہے۔ کیونکہ خدا تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ عنقریب خدا آپکو مقام محمود پہ پہنچا دیگا۔ اور تمام مفسرین کا اس پر اتفاق ہے کہ مقام محمود سے مراد شفاعت کبریٰ اور عام شفاعت کا مرتبہ ہے۔ اب رہی شفاعت کی تیسری قسم تو اس کے متعلق ہم یوں کہتے ہیں کہ شفاعت کا مطلب ہی یہ ہے کہ کسی کے لئے استغفار اور طلب مغفرت کی جائے اور یہ ثابت ہے کہ خدا تعالیٰ نے خود اپنے انبیاء علیہم السلام کو حکم دیا ہوا ہے کہ اپنی اپنی اُمت کے لئے خدا سے مغفرت طلب کریں۔ چنانچہ حسب الحکم خداوندی حضرت ابراہیم علیہ السلام دست بدعا ہو کر فرماتے ہیں کہ اے ہمارے رب مجھے بخش، میرے والدین کو بخش اور مومنین کو بخش جس دن کہ حساب کا محکمہ قائم ہوگا

Marfat.com

موسى عليه السلام انت
وليّنا فاغفر لنا وارحمنا
وانت خير الغافرين
وقال سيّدنا عيسى عليه السلام
ان تعذّبهم فانهم عبادك
وان تغفر لهم فانك انت
العزيز الحكيم فطلب لهم
المغفرة بالطف الالفاظ و
قد امر الله تعالى حبيبه بقوله
وصلّ عليهم ان صلواتك
سكنٌ لهم فهذا هو
الأمر والاذن بالشفاعة
وقال تعالى ولو انهم
اذ ظلموا انفسهم جاؤك
فاستغفروا الله و
استغفر لهم الرسول
لوجدوا الله توابا
رحيما ۔ فهل
لاستغفار الرسل
معنى الا الشفاعة
وقال تعالى
واستغفر لذنبك و
للمؤمنين والمؤمنات
والله يعلم

جناب موسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ یا اللہ تو ہی ہمارا سرپرست ہے ہماری مغفرت کر اور ہم پر رحم کر اور تو تمام مغفرت کرنے والوں سے بہتر ہے اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام فرماتے ہیں۔ یا اللہ اگر میری اُمت کو تو عذاب کرے تو کوئی چارہ نہیں۔ کیونکہ وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو ان کو معاف کردے تو یہ تیری شان کے شایان ہے کیونکہ تو عزت وحکمت کا مالک ہے دیکھو آپ نے کن نرم لفظوں میں مغفرت طلب کی ہے۔ اور خدا تعالےٰ نے اپنے حبیب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو ارشاد کیا ہے کہ اپنی اُمت پر نماز جنازہ اور دعائے خیر کرو۔ کیونکہ آپکی دعائے خیر اُن کے لئے باعث تسکین ہے پس یہی حکم امر اور اذن بالشفاعۃ ہے۔ پھر ارشاد ہے کہ جب انہوں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے پس اگر آپ کے پاس آجاتے۔ اور خدا سے معافی مانگتے اور آپ بھی بحیثیت رسول اللہ ہونے کے ان کے واسطے معافی مانگتے تو وہ ضرور دیکھتے کہ خدا تعالیٰ بڑا مہربان اور توبہ قبول کرنے والا ہے پس انبیاء علیہم السلام کے استغفار کا یہی مطلب ہے کہ وہ اپنی اُمت کے لئے شفاعت کریں۔ چنانچہ خدا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد کیا ہے کہ اپنی کوتاہیوں کی پردہ پوشی طلب کرو اور زن ومرد اہل ایمان کے لئے مغفرت طلب کرو۔ کیونکہ خدا تو تمہارے

Marfat.com

متقلبکم ومثواکم فلیس الامر بالاستغفار الا الاذن بالشفاعۃ باٰکد الوجوہ لأن الأمر اوکد من الاذن بل مدح اللہ تعالیٰ عوام المؤمنین بالاستغفار الاخوان من المؤمنین بقولہ تعالیٰ والذین جاؤا من بعدھم یقولون ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان وقال تعالیٰ ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ ووعد اللہ حق لایمکن التخلف ولن یخلف اللہ وعدہ رسلہ فاعتمد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی وعد ربہ فقال اعطیت الشفاعۃ بلفظ الماضی ونقول لھم ما تقولون فی صلاتکم ربنا اغفرلی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب فمن اذن لکم فی دعاء المغفرۃ للوالدین وللمؤمنین الیس ھذا الدعاء شفاعۃ فان قلتم اذن لنا الشارع نقول اذن الشارع بالشفاعۃ لکافۃ المؤمنین ولم یاذن لحبیبہ وصفیہ صلی اللہ علیہ وسلم ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین واما قولھم الشفاعۃ لاتکون لاھل الکبائر ولا للمصرین

حرکات و سکنات سے خوب واقف ہے پس امر بالاستغفار ہی اذن بالشفاعۃ ہے اور اذن بھی بڑے زور کا ہے کیونکہ امر کرنا اذن دینے سے زیادہ زوردار ہوتا ہے صرف یہی نہیں بلکہ یہ بھی دیکھو کہ خدا نے ان مسلمانوں کی تعریف بھی کی ہے کہ اپنے مسلمان بھائیوں کی مغفرت طلب کرتے ہیں چنانچہ ارشاد ہے کہ جو اہل ایمان بعد میں آئے وہ کہتے ہیں کہ یا اللہ ہمیں بخش اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لاچکے ہیں پھر ارشاد ہے کہ اے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خدا آپکو اتنا دیگا کہ آپ راضی ہو جائینگے اور خدا کا وعدہ سچا ہے اسمیں خلاف وعدہ کی گنجائش نہیں کیونکہ اس نے خود کہا ہے کہ اللہ اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ اسی وعدہ پر بھروسہ کرتے ہوئے حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے (فعل ماضی کے لفظوں میں) کہ مجھے شفاعت کا عہدہ دیا جاچکا ہے ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ اے اہل ایمان کیا تم اپنی نمازمیں یہ دعا نہیں کیا کرتے کہ یا اللہ مجھے بخش میرے والدین کو بخش اور قیامت کے دن مسلمانوں کو بھی بخش۔ اب بتاؤ تم کو دعائے مغفرت کیلئے کس نے اجازت دی ہے کہ تم والدین اور مسلمانوں کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہو؟ یہ بھی بتاؤ کہ کیا یہی طلب مغفرت شفاعت نہیں ہے؟ پس اگر تم یوں کہو کہ خدا نے ہمیں اجازت بخشی ہے تو ہم پوچھیں گے کہ یہ ہوسکتا ہے کہ تمکو تو شفاعت کی اجازت ہو تاکہ تم اہل ایمان کے لئے طلب مغفرت کرو اور خدا نے اپنے حبیب برگزیدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اجازت نہ بخشی؟ اگر تمہارے پاس کچھ صداقت ہے تو اس دعویٰ کی کوئی دلیل پیش کرو۔ اب رہا انکا یہ قول کہ اہل کبائر کیلئے شفاعت نہ ہوگی اور نہ ان کیلئے

Marfat.com

على الصغائر فذلك تحكم وبهتان على الله تعالى اما قال الله تعالى ان الله يغفر الذنوب جميعا وان الله لا يغفر ان يشرك به ويغفر ما دون ذالك لمن يشاء والشفاعة العظمى التى تكون يوم القيمة لكافة الخلق المشار عليها بقوله تعالى عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا مختصة بسيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقولهم لا يشفع احد الا باذنه مستدلين بقوله تعالى من ذا الذى يشفع عنده الا باذنه صحيح لا شك فيه وقد اذن الله تعالى لرسوله صلى الله عليه وسلم بل امره بالشفاعة بقوله تعالى وصل عليهم ان صلوتك سكن لهم وقوله تعالى واستغفر للمؤمنين والمؤمنات كما مر فلذا قال عليه الصلوة والسلام اعطيت الشفاعة وتمام الحديث اعطيت خمسا لم يعطهن احد قبلى نصرت بالرعب وجعلت لى الارض مسجدا وطهورا واحلت لى الغنائم ولم تحل

جو گناہ صغیرہ پر مداومت کرتے ہیں پس ہم کہتے ہیں کہ یہ قول خدا پر بہتان اور زبردستی کا حکم ہے۔ کیا خدا نے یوں نہیں کہا کہ بیشک خدا تمام گناہ بخشدیتا ہے۔ ہاں خدا تعالیٰ یہ گناہ نہیں بخشیگا کہ اسکا کسی کو شریک بنایا جائے اور اس کے بغیر جسے چاہے، جو گناہ بھی ہوں سب بخشدیگا اور شفاعت کبریٰ قیامت کے دن وہی ہوگی جو تمام مخلوق کی ہوگی اسی کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے کہ اے نبیؐ خدا تعالیٰ عنقریب آپکو مقام محمود پر پہنچا دیگا اور یہ شفاعت کبریٰ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہی حصہ میں ہے اور آپ سے مختص ہے پس مخالفین کا یہ کلام کہ اذن الٰہی کے بغیر کوئی شفاعت نہیں کریگا اور انکا اس آیت سے دلیل پکڑنا کہ کون وہ ہے کہ بلا اجازت خداوندی اللہ کے پاس کسی کی شفاعت کرے۔ یہ دونو امر صحیح ہیں اور ان میں ذرہ بھر شک نہیں مگر یہ یاد رہے کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اذن بالشفاعۃ ہو چکا ہوا ہے بلکہ اس سے بڑھکر امر بالشفاعۃ بھی نافذ ہو چکا ہے چنانچہ ارشاد خداوندی ہے کہ آپ ان کے لئے دعائے خیر کریں کیونکہ آپکی دعائے خیر اُن کے واسطے تسکین ہے۔ چنانچہ پہلے گذر چکا ہے۔ یہ بھی ارشاد ہے کہ زن و مرد اہل ایمان کے لئے آپ دعائے مغفرت کریں۔ اسی وجہ سے آپؐ نے فرمایا ہے کہ مجھے شفاعت کبریٰ کا عطیہ دیا جا چکا ہے اور اس حدیث کے باقی اجزا یہ ہیں کہ مجھے پانچ عطیے عطا ہوئے ہیں اور مجھ سے پہلے یہ کسی کو نہیں دیئے گئے۔ اول میرے رعب سے میری امداد کیگئی ہے۔ دوم یہ کہ تمام سطح زمین میرے لئے وضو اور نماز کی جگہ مقرر کردی گئی ہے۔ سوم خاص مجھے غنیمت کا مال حلال

لاحد قبلی و اعطیت الشفاعۃ و بعثت للناس عامۃ متفق علیہ- و اما قولہم لا یستطیع تعالی شانہ العفو بلا سبب فنقول اولا ہذا القول اشنع من قول النصاری ہل یستطیع ربک ان ینزل علینا مائدۃ من السماء لان النصاری ترددوا فی الاستطاعۃ فجاؤا بلفظۃ ہل وہؤلاء تیقنوا فی عدم الاستطاعۃ فقالوا لا یستطیع العفو بلا سبب وثانیا ان العباد یستطیعون العفو بلا سبب بل بمحض الکرم واللہ سبحانہ و تعالی لا یستطیعہ وہو تعالی فعال لما یرید لا یسئل عما یفعل فہذہ نتیجۃ توحیدہم وادبہم مع ربہم بل زاغوا فازاغ اللہ قلوبہم ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ہدیتنا۔ انتہی و من تلک المسائل مسئلۃ اعراس المشائخ و مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الاوقات المعلومۃ قالوا حرام بتعیین الاوقات والموالید بل یشبہ فعل الہنود فنقول ان منعوا نفس الاعراس یعنی اطعام الطعام للمساکین وذوی الحاجات بنیۃ ایصال الثواب

کر دیا گیا ہے ورنہ مجھ سے پہلے کسی نبی کو اسکا استعمال جائز نہ تھا چہارم مجھے عام شفاعت کا حق دیا گیا ہے پنجم یہ کہ میں تمام مخلوقات کیطرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں (یہ حدیث بخاری و مسلم میں ہے) مخالفین کا یہ قول کہ خدا تعالی بلا وجہ معافی نہیں دے سکتا، بالکل غلط ہے اور ہم کہتے ہیں کہ پہلے تو یہ قول اُن عیسائیوں کے کلام سے بھی بڑھکر معیوب ہے جنہوں نے حضرت مسیح علیہ السلام سے کہا تھا کہ کیا تیرا رب آسمان سے ہمارے لئے کھانا اُتار سکتا ہے؟ کیونکہ عیسائیوں نے خدا کی قدرت میں شک کیا تھا اسلئے انہوں نے سوالیہ فقرہ پیش کیا اور ان لوگوں نے یقین کر لیا ہے کہ خدا کو قدرت ہی نہیں کہ اپنا حق بھی بلا وجہ معاف کر دے۔ دوم یہ کہ بندہ اپنا حق بلا وجہ معاف کر سکتا ہے بلکہ صرف کرم اور مہربانی سے معاف کر سکتا ہے اور ان کے نزدیک خدا کو یہ طاقت نہیں۔ حالانکہ وہ جو چاہے کرتا ہے، اس سے کوئی چون وچرا نہیں۔ دیکھو یہ اُن کی توحید کا نتیجہ ہے اور اپنے رب کی تعظیم کا ثمرہ ہے نہیں نہیں، بلکہ وہ گمراہ ہو گئے۔ یا اللہ تو ہمارے دل کو راہ راست سے نہ پھیر بعد اس کے کہ تُو نے ہمکو سیدھی راہ دکھائی ہے۔ مختلف فیہ مسائل میں سے عرس مشائخ اور میلاد نبوی کا مسئلہ بھی ہے۔ جو مقررہ اوقات میں منائے جاتے ہیں۔ مخالفین کہتے ہیں یہ حرام ہیں بوجہ تعیین وقت کے اور مجالس میلاد فعل ہنود سے مشابہ ہیں مگر ہم کہتے ہیں کہ اگر اصل حقیقت عرس کو ممنوع کہیں یعنی مساکین اور حاجتمندوں کو کھانا کھلانا تاکہ ایصالِ ثواب

Marfat.com

فذلك مكابرة ومخالفة للشرع
قال الله تعالى واطعموا القانع و
المعتر وقال تعالى انفقوا مما رزقناكم
من قبل ان ياتي يوم لا بيع فيه ولا
خلة ولا شفاعة وقال تعالى وما انفقتم
من نفقة او نذرتم من نذر فان الله
يعلمه وقال تعالى واقيموا الصلوة و
اتوا الزكوة واقرضوا الله قرضا حسنا
وما تقدموا لانفسكم من خير تجدوه
عند الله هو خيرا واعظم اجرا وقال
تعالى ويطعمون الطعام على حبه مسكينا
ويتيما واسيرا وان منعوها لتعيين
الاوقات فتعيين الوقت لا يضر في
الامور المباحة الا ترى ان الشارع
عليه الصلوة والسلام امر امته بصوم
يوم عاشوراء وامر بصوم ست من شوال
وامر بالتهجد في الليل وصلوة الاشراق
والضحى في الاوقات المعينة وامر
بالعقيقة في اليوم السابع من ولادة المولود
وغيرها فعين للامور المباحة اوقات
معينة والمقصود من تعيين الايام للاعراس
اجتماع الناس من النواحي بلا كلفة
لا غير وان منعوها لعدم ايصال الثواب
فذلك باطل عقلا ونقلا ويكفي في المقصود

ہو۔ تو یہ کج بحثی ہوگی اور شرع کا خلاف ہوگا کیونکہ خدا خود
حکم دیتا ہے کہ سوالی اور غیر سوالی حاجتمندوں کو کھانا کھلاؤ
یہ بھی فرمایا کہ جو مال ہم نے تمکو دیا ہے۔ اس سے خرچ کرو اللہ
کی راہ میں پیشتر اس کے کہ وہ دن آئے جس میں نہ خرید و فروخت
ہوگی نہ دوستانہ کام آئیگا اور نہ تمہارے کسی دوست کی سفارش
کام آئے گی۔ یہ بھی فرمایا کہ جو کچھ تم اللہ کی راہ میں خرچ کرتے
ہو یا نذر دیتے ہو خدا اسے جانتا ہے۔ یہ بھی ارشاد ہے کہ
نماز بلا ناغہ ادا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ کو قرض حسنہ دو
اور جو خیرات تم اپنے لئے پیشگی بھیجو گے اسے خدا کے یہاں
بہتر پاؤگے اور اسکا ثواب بہت پاؤ گے۔ یہ بھی فرمایا کہ مومن
کھانا کھلاتے ہیں مسکینوں اور یتیموں اور قیدیوں کو اگرچہ
ان کو خود اس کھانے کی خواہش ہو۔ اگر مخالفین تعیین وقت
کی وجہ سے عرس کو حرام کہتے ہیں تو غلط ہے کیونکہ تعیین
وقت امور مباح میں مضر نہیں ہوتی۔ ارے تم یہ نہیں
دیکھتے کہ حضور علیہ السلام نے یوم عاشورا کے روزہ کا اپنی
اُمت کو حکم دیا تھا اور شوال کے چھ روزوں کا بھی حکم دیا
تھا اور رات کو نماز تہجد کا حکم دیا تھا اور صلوۃ اشراق کا اور
صلوۃ ضحیٰ کا اور ان سب کے اوقات متعین ہیں اور حکم دیا کہ پیدائش
کے بعد ساتویں روز بچے کا عقیقہ دیا جائے وغیرہ وغیرہ ان
سب میں آپ نے وقت مقرر کردئیے ہیں اور تعیین وقت عرس
میں اصل مقصود یہ ہوتا ہے کہ لوگ بلا تکلف جمع ہوجایا کریں
اس کے سوا کوئی اور مقصد نہیں ہوتا۔ اگر وہ اسلئے منع
کرتے ہیں کہ میت کو ثواب نہیں پہنچتا تو یہ بالکل غلط ہے
نہ اسے عقل مانتی ہے نہ کوئی نص تسلیم کرتی ہے اور ہمارے

Marfat.com

حدیث بیرام سعدؓ فان اهداء ثواب
العمل للغیر حیًا ومیتًا جائز بل مامور
بها الا تری ان الحج عن الغیر عند عدم
القدرة ورد به الشرع کما امر الشارع
علیه الصلٰوة والسلام المرأة السائلة
عند انصرافه من مزدلفة عام حجة الوداع
وامّا الموالید بهیئتها الکذائیة فانها
وان لم تکن فی زمن خیر القرون لکنه
امر مستحسن معمول کافة المسلمین شرقًا
وغربًا الا فی الفرقة المحدثة الغیر المقلدة
ومارآه المسلمون حسنًا فهو عند الله حسن
ولیس فی قراءة الموالید الا مدائح النبی
صلی الله علیه وسلم وانشاد الشعر فی مدحه
صلی الله علیه وسلم وقراءته قراءة مدائحه
سنة الاصحاب بل سنة النبی صلی الله علیه
وسلم لما روی ان النبی صلی الله علیه وسلم
کان یسمع الاشعار المدحیة من حسان
بن ثابت وکعب بن زهیر وسواد بن قارب
وغیرهم فمن یقول ان قراءة المولود
ممنوع او مذموم وفعل یشبه الهنود فهو
بنفسه مذموم ومطرود وما ادری لای
سبب یمنعون قراءة المولد ما یمنعون
الامور المستحدثة غیر المولد کبناء الرباطات و
تزیین المساجد بالنقوش وکتابة المصاحف المزخرفة

اس مقصد (ایصال ثواب) کیلئے ام سعدؓ کے کنوئیں کی حدیث کافی ہے. کیونکہ غیر کے عمل کا ثواب پہنچانا بحالت حیات وموت دونوں صورتوں میں جائز ہوتا ہے بلکہ اسکا حکم ہو چکا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ قدرت نہ ہو تو غیر سے حج کرانے میں شرعی حکم وارد ہے. چنانچہ حضور علیہ السلام حجۃ الوداع میں مقام مزدلفہ سے واپس تشریف لاتے تھے تو ایک عورت نے یہی سوال کیا تھا اور مجالس میلاد اپنی موجودہ شکل میں خیر القرون کے وقت موجود نہ تھیں مگر اس میں شک نہیں کہ یہ فعل مستحسن ہے اور تمام اہل اسلام کا شرق و مغرب میں معمول ہے سوائے فرقہ نجدیہ غیر مقلدین کے اور یہ اصول ہے کہ جس امر مباح کو مسلمان مستحسن سمجھیں وہ خدا کے نزدیک بھی مستحسن قرار پاتا ہے اور مجلس میلاد میں یہی ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح ذکر کیجاتی ہے یا آپکی مدح میں شعر پڑھے جاتے ہیں اور مدحیہ اشعار کا پڑھنا سنت صحابہؓ ہے بلکہ سنت نبویہ ہے. کیونکہ روایات سے ثابت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان بن ثابت سے اپنے اشعار مدحیہ سنا کرتے تھے اور کعب بن زہیر اور سواد بن قارب وغیرہ سے بھی آپ اپنے اشعار مدحیہ سنتے تھے اس لئے جو شخص یہ کہتا ہے کہ ذکر میلاد اور مدحیہ اشعار کا پڑھنا ممنوع یا برا ہے اور فعل ہنود ہے وہ شخص خود برا ہے اور راندۂ درگاہ نبوی ہے. اب مجھے معلوم نہیں ہوتا کہ وہ کس وجہ سے ذکر میلاد کو منع کرتے ہیں اور مجالس میلاد کے علاوہ دیگر نو پیدا امور کو کیوں منع نہیں کرتے مثلاً مسافر خانوں کا بنانا یا مساجد کا سجانا بیل بوٹے سے یا قرآن مجید کو سنہری حروف

بالمذهب تعليم العلوم العقلية والعلوم العربية كالصرف والنحو والحكمة والرياضيات ولبس ثياب مروجة الوقت واكل الاطعمة المتلونة فكل ذلك مباح لا اعتراض عليه لكن قراءة المولد الذي فيه ذكر ولادة النبي صلى الله عليه وسلم وذكر معجزاته وخوارق عاداته عندهم لدة حرام او بدعة ولا يظهر لمنعه سبب الا حبهم له صلى الله عليه وسلم ومن تلك المسائل مسئلة تصوره صلى الله عليه وسلم في الصلوة قال امامهم تصوره عليه الصلاة والسلام في الصلوة اسوء من تصور بهائم الحمار وحمارا اخس انواع البهائم وانا لا اقدر ذكر ما سموه من البهائم في مقابلة اسمه الشريف تادبا وهذه العقيدة من اشنع عقائدهم اعاذنا الله تعالى منها ومع ذلك يسمونه فخر العالم فاذا كان هذا حال فخر العالم فما ذا يكون حال من كان دونه في القرب من الانبياء والصالحين وكيف يتصورون سيدنا الخليل عليه السلام حين يقرؤن قوله تعالى في الصلوة واتخذ الله ابراهيم خليلا وكيف يتصورون سيدنا موسى عليه السلام حين يقرؤن وكلم الله موسى تكليما وكيف يتصورون سيدنا عيسے

سے لکھنا یا علوم عقلیہ مروجہ کا تعلیم دینا یا عربی علوم کی تعلیم مثلاً صرف، نحو، فلسفہ، ریاضی وغیرہ یا زمانہ حال کے مروجہ لباس کا استعمال یا مختلف قسم کے کھانے تناول کرنا جب اصل میں یہ سب مباح ہیں وہ ان پر کوئی اعتراض نہیں کرتے مگر ذکر میلاد جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کا تذکرہ ہوتا ہے یا معجزات اور خرق عادات بیان ہوتے ہیں جو آپکی ولادت کے وقت رونما ہوئے تھے تو اسے حرام یا بدعت بتاتے ہیں۔ شاید ممانعت کی وجہ صرف یہی معلوم ہوگی کہ ہم حضور علیہ السلام سے اظہار محبت کرتے ہیں اور بس، خوب! ان مسائل میں سے حضور علیہ السلام کے تصور کا بھی مسئلہ ہے جو نماز میں بلا اختیار آجاتا ہے۔ مخالفین کے امام کا قول ہے کہ نماز میں حضور علیہ السلام کا خیال آجانا نمازی کے اپنے جانوروں کے خیال سے بھی بدتر ہے اور اس مقام پر اس نے ایک بدترین جانور کا ذکر کیا ہے۔ مگر میں جرأت نہیں کر سکتا کہ اس بُرے جانور کا نام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کے مقابلہ پر ادب کو ملحوظ رکھتے ہوئے ذکر کروں۔ اور انکا یہ عقیدہ بدترین عقائد میں سے ہے۔ ایسے عقائد سے خدا بچائے۔ تعجب ہے کہ پھر یہ لوگ حضور علیہ السلام کو فخر عالم بھی کہتے ہیں۔ مگر تم سوچو کہ جب فخر عالم کا انکے نزدیک یہ حال ہے تو دوسرے انبیاء و صالحین کا کیا حال ہوگا۔ جو آپ سے بارگاہ الٰہی میں کم درجہ پر مقرب ہیں۔ وہ بتائیں کہ جب وہ نماز میں واتخذ اللہ ابراھیم خلیلا پڑھتے ہیں تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تصور کو کیا سمجھتے ہیں یا جب وکلم اللہ موسیٰ تکلیما پڑھتے ہیں تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تصور کو کس نگاہ سے دیکھتے ہیں اور جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام

Marfat.com

عليه السلام حين يقرؤن في الصلوة و
كان وجيها في الدنيا والاخرة ومن
المقربين وجميع القرآن مفصح بمدحه
صلى الله عليه وسلم وقربه ومحبته قال
الله تعالى اطيعوا الله واطيعوا الرسول
ومن يطع الرسول فقد اطاع الله و
قوله تعالى قل ان كنتم تحبون الله
فاتبعوني وقال تعالى يا ايها النبي
انا ارسلناك شاهدا ومبشرا و
نذيرا وداعيا الى الله باذنه وسراجا
منيرا وقال تعالى لا تجعلوا دعاء
الرسول بينكم كدعاء بعضكم بعضا وقال
تعالى وتعزروه وتوقروه وهذا
توقيره عليه السلام عند القوم حتى
جعلوا تصوره اسوء من تصور البهائم
و مع ذلك سموا انفسهم اهل الحديث
فانا لله وانا اليه راجعون
ولما مات ولده صلى الله
عليه وسلم قال المشركون
صار ابتر فاجاب الله سبحانه
من جنبه ان شانئك هو
الابتر وكما قال ابو لهب
للنبي صلى الله عليه وسلم
تبا لك الهذا دعوتنا

کے متعلق یہ آیت پڑھتے ہیں کہ کان وجیہا فی الدنیا و الاخرة ومن المقربین تو آپکے تصور کو کس قدر قیمت میں جانتے ہیں۔ نیز ایک حیثیت یہ بھی ہے کہ سارا قرآن تو حضور علیہ السلام کی تعریف سے پُر ہے اور آپکی تعریف بیان کرتا ہے یا آپکا قرب الٰہی اور محبت الٰہی ظاہر کرتا ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ تم اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو جو رسول کی اطاعت کرتا ہے وہی خدا کی اطاعت کرتا ہے۔ آپ کہدیں کہ اگر تم خدا سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری پیروی کرو اور یہ بھی فرمایا کہ اے نبی ہم نے آپکو اُمت کا نگران حال اور مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے اور خدا کی طرف بلانیوالا اور روشن چراغ بنا کر مبعوث کیا ہے یہ بھی فرمایا کہ تم رسول علیہ السلام کا بلاوا اپنے باہمی ایک دوسرے کے بلاوے کی مانند نہ بناؤ۔ یہ بھی فرمایا کہ تم رسول کی عزت و توقیر کرو۔ تو اب وہابی بیچارہ کیا کرے اور کیسے آپکے تصور کو روک سکتا ہے۔ سخت افسوس ہے کہ خدا تو تعریف کرے اور قوم آپکی یہ عزت کرتی ہے کہ نماز میں آپکے تصور کو بھی ممنوع قرار دیتی ہے اور جانوروں کے تصور سے بھی بدتر جانتی ہے۔ پھر اس قوم نے اپنا نام کیا رکھا ہے؟ اہل حدیث! انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جب حضور علیہ السلام کے خلف الرشید حضرت ابراہیم علیہ السلام کا وصال ہوا تھا تو مشرک کہتے تھے کہ آپ ابتر ہو گئے ہیں تو خدا تعالیٰ نے جواب دیا کہ آپ ابتر نہیں بلکہ آپکے دشمن ابتر ہیں۔ ایک دفعہ آپ نے کوہ صفا پر تبلیغ اسلام کیلئے قریش کو بلایا تھا۔ تو ابولہب نے آخیر وعظ پہ کہا تھا کہ کیا اسی کام کے لئے آپ نے ہمیں دعوت

Marfat.com

غضب الله عليه واجاب عن حبيبه
بقوله تبت يدا ابی لهب وتب
والمرجو من المنصفين توازن قول
الوهابية ان تصورة صلى الله عليه
وسلم فی الصلوة اسوء من تصور
البهيمة الفلانية بقول ابی لهب
تبا لك ويخبرا اشعروا فقد جعل
ابولهب جهنميا بقوله تبا لك
فكيف يكون حال من تفوه بمثل
ما قالوا لكن الوحی قد انقطع فمن
الذی يرد عليه قوله وقالوا لا يجوز
للمصلی ان يقول فی تشهده السلام
عليك ايها النبی ورحمة الله وبركاته
بل يقول السلام على النبی اجتنابا
من لفظ الخطاب المشير الى حضور
روحه عليه الصلوة والسلام قلنا و
لئن سلم ذلك فكيف نصوره عند
قراءة السلام على النبی ورحمة الله
وبركاته انصوره بالتبجيل والتوقير
ام بالاهانة والتحقير عياذا بالله
ان صورناه بالتوقير بطلت قاعدتهم
المقررة فی اول المسئلة وان
صورناه بالتحقير عياذا
بالله هدمنا بناء الاسلام

دی تھی۔ خدا کرے تم جلد تباہ ہو جاؤ۔ بس یہ خدا ناراض ہوا اور اپنے حبیب کی طرف سے جواب دیا کہ ابو لہب کے دونوں ہاتھ تباہ ہو گئے اور وہ خود بھی تباہ ہو گا۔ اب انصاف پسند طبائع سے مجھے امید ہے کہ وہ خود قولِ وہابیہ اور قولِ ابولہب کا باہمی موازنہ کریں گے۔ قولِ وہابیہ یہ ہے کہ نماز میں حضور علیہ السلام کا تصور فلاں بدترین جانور کے تصور سے بھی زیادہ بُرا ہے اور ابولہب کا قول یہ ہے کہ اے نبی تو تباہ ہو جائے اور بتائیں گے کہ کس کا قول زیادہ بُرا اور بدنام کرنیوالا ہے اور کس کا نہیں؟ ابولہب کو تو یہ سزا مل چکی کہ تبالک کہکر جہنمی ہو گیا۔ مگر ان لوگوں کا کیا حال ہو گا جنہوں نے ایسے گندے لفظ کہے ہیں۔ افسوس وحی بند ہو چکی ہے ورنہ ابھی فیصلہ ہو جاتا۔ اب انکا منہ کون توڑ سکتا ہے؟ یہ لوگ یوں بھی کہتے ہیں کہ نمازی کو تشہد میں یوں کہنا جائز نہیں کہ اے نبی آپ پر سلام ہو اور آپ پر خدا کی رحمت اور برکت نازل ہو بلکہ آپ کو غائب سمجھکر کہے کہ ہمارے نبی پر سلام ہو۔ تاکہ حاضری اور خطاب کے لفظ سے بچ جائے۔ کیونکہ اس میں یہ اشارہ ہے کہ آپکی روح مبارک حاضر ہو جاتی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جب غائب کا لفظ اختیار کرنے سے آپکی حاضری نہ ہوگی تو بتاؤ کہ جب نمازی السلام علی النبی کہے گا اور غائبانہ لفظ سے آپ پر سلام و درود بھیجیگا تو آپکا تصور پھر آئیگا؟ تعظیم و توقیر کی صورت میں یا معاذ اللہ اہانت و تحقیر کی شکل میں پس اگر وہ تصور عزت و توقیر کے ساتھ ہوگا تو وہابیوں کا اصل ٹوٹ جائیگا کہ جو شروع مسئلہ میں مقرر کیا گیا ہے کہ نبی علیہ السلام کا تصور مفسد صلوٰۃ ہے اور گدھے کے تصور سے نماز نہیں ٹوٹتی اور اگر معاذ اللہ

Marfat.com

ارشدونا الی اھون البلیتین۔ انتہی۔ ومن تلک المسائل مسئلۃ لفظ السیدنا قبل اسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالوا ھذا بدعۃ وما کان مصطلحا فی زمن خیر القرون اقول الاصطلاحات تتغیر بتغیر الزمان وھل کانت لفظۃ مولنا وشیخنا وحضرتنا وامثال ذلک مصطلحۃ فی زمن خیر القرون وفی ھذا الزمان یستنکف کل من اھل العلم ان یخاطب بمجرد اسمہ ویحسبہ ھتکا لحرمتہ فالنبی صلی اللہ علیہ وسلم احق بالحرمۃ والتعظیم من سائر الناس اما قال اللہ تعالی فی حق سیدنا یحیی علیہ السلام وسیدا وحصورا ونبیا من الصالحین وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انا سید ولد ادم فلفظ السید مرادف فی المعنی للفظ المولی بل المولی اعلی منہ لانہ یطلق علی اللہ تعالی قال اللہ تعالی ذلک بان اللہ مولی الذین امنوا وقولہ تعالی نعم المولی ونعم النصیر۔ ومن تلک المسائل مسئلۃ اشتراک غیر اللہ تعالی معہ فی الفعل کما یقال للمعطی ھذا من فضل اللہ وفضلکم او اعطانی اللہ ورسولہ

تحقیر کے ساتھ اسے تصور کریں تو اسلام کی بنیاد ہی اکھاڑ دیں گے خدا تعالیٰ مناسب راستے کی ہمیں ہدایت کرے (انتہی) اور ان مسائل میں سے یہ مسئلہ بھی ہے کہ آیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے پہلے سیدنا کا لفظ بڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ مخالفین کہتے ہیں کہ یہ زیادتی بدعت ہے خیر القرون کے وقت نہ تھی مگر میں کہتا ہوں کہ زمانہ تبدیلی سے محاورات بھی تبدیل ہو جاتے ہیں۔ تم خود بتاؤ کہ کیا مولانا اور شیخنا و حضرتنا وغیرہ کے لفظ خیر القرون میں مستعمل تھے؟ حالانکہ موجودہ وقت میں جس ذی علم کو صرف نام سے پکارا جائے اور کوئی تعظیمی لفظ نہ بڑھایا جائے تو آنجناب ناک چڑھا لیتے ہیں اور اسے اپنی ہتک عزت جانتے ہیں۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑھکر عزت و توقیر کے حقدار ہیں۔ کیا خدا تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کے حق میں یہاں نہیں فرمایا کہ آپ سید پاکدامن تھے اور نبی صالح تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں بنی آدم کا سید ہوں اور سید کا لفظ مولیٰ کے معنے میں ہے بلکہ مولیٰ کا لفظ سید سے بھی اعلیٰ ہے کیونکہ سید کا لفظ خدا پر استعمال نہیں ہوتا اور مولیٰ کا لفظ خدا پر بھی استعمال ہوا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے مالک و مولیٰ ہیں جو ایمان لائے ہیں اور یہ بھی اشارہ ہے کہ خدا تعالیٰ بہترین مالک اور بہترین مددگار ہیں۔ ان مسائل میں سے یہ مسئلہ بھی ہے کہ آیا فعل خداوندی میں غیر اللہ کو شریک کرنا جائز ہے یا نہیں؟ مثلاً کسی داتے کو یوں کہنا کہ یہ اللہ کی اور تمہاری مہربانی ہے۔ یا یوں کہنا کہ یہ چیز مجھے خدا اور خدا کے رسول نے دی ہے

Marfat.com

ففيه الحقيقة والمجاز اى اعطانى
الله حقيقة واعطيتنى ظاهرا
وكانت الصحابة رضى الله عنهم
حين يلقى النبى صلى الله عليه وسلم
عليهم سؤالا يقولون الله ورسوله
اعلم فكانوا يشتركون النبى صلى الله
عليه وسلم فى الاعلمية مع الله تعالى
ولا ينكر عليهم احد وقال الله تعالى
براءة من الله ورسوله وقال تعالى
فالله ورسوله احق ان يرضوه ومن
يطع الله ورسوله وقال تعالى وما
نقموا منهم الا ان اغناهم الله ورسوله
من فضله الى غير ذلك من الآيات
لكن الاحتراز عن امثال
هذه الكلمات احسن لعدم
تمييز العوام بين الحقيقة و
المجاز ومن تلك المسائل مسئلة
امكان الكذب على الله تعالى
قالوا خلف الوعيد جائز وسموه
امكان الكذب قلنا لا يجوز
نسبة الكذب الى الله
تعالى وخلف الوعيد مكرمة
ولا يسمى كذبا لان الكذب
رذيلة قبيحة يستنكف منها

تو جواب یوں ہے کہ ایسے محاورں میں مجازی طریق استعمال ہوتا ہے اور حقیقی بھی۔ تو فقرہ مذکورہ کا یہ معنی ہوا کہ اصلی طور پر تو خدا نے دیا ہے مگر بظاہر تم نے دیا ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی سوال پوچھتے تھے اور صحابی جواب دینا گستاخی سمجھتے تھے تو یوں کہتے تھے کہ اس کا جواب خدا اور خدا کا رسول بہتر جانتا ہے اور اپنے اس جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا تعالیٰ کے علم میں شریک کر دیتے تھے اور اس جوابی فقرہ کو کسی نے برا نہیں منایا۔ دیکھئے ارشاد ہے کہ اللہ اور اللہ کے رسول کی مشرکین سے بیزاری ہے یہ بھی فرمایا کہ انکو یہ مناسب تھا کہ خدا اور خدا کے رسول کو راضی کرتے اور یہ بھی فرمایا کہ جو اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرتا ہے۔ وہ بڑی کامیابی پائیگا یہ بھی ارشاد ہے کہ مخالفین کیا یہی برا مناتے ہیں کہ اللہ نے اور اللہ کے رسول نے اہل مدینہ اور مہاجرین کو غنی کر دیا ہے اس قسم کی آیات اور بھی بہت ہیں مگر خلاصہ جواب یہ ہے کہ ایسے اشتراکی لفظوں سے عوام کو بچنا چاہیئے کیونکہ وہ حقیقت و مجاز میں امتیاز نہیں کرتے۔ اور ان مسائل میں سے ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ معاذ اللہ کیا خدا جھوٹ بول سکتا ہے یا نہیں؟ مخالف کہتے ہیں کہ خدا ایسی وعید میں جھوٹ بول سکتا ہے اور اس مسئلہ کا نام کمبختوں نے امکان کذب رکھا ہوا ہے ہم جواب دیتے ہیں کہ ذات خداوندی کی طرف جھوٹ کو منسوب کرنا ہی ناجائز ہے اور وعدہ کر کے سزا نہ دینا اسے وعدہ خلافی نہیں کہتے

Marfat.com

العباد فکیف یوجب العباد ومغفرة المعاصی یوم القیٰمة عفو ومکرمة لا یسمّی کذبا قال الله تعالیٰ بل کذبوا بما لم یحیطوا بعلمه وقال تعالیٰ ویقولون علی الله الکذب وهم یعلمون فالخصلة الردیئة التی ذکرها الله تعالیٰ من عادات الکفار کیف یجوز لمسلم ان ینسبها الی الله تعالیٰ فالحاکم اذا اوعد اهل الجرائم بالحبس والقتل مثلا فظفر علیهم ثم عفی عنهم بشفاعة احد من خواصه او بلطف منه والطافهم هل یسمّی ذٰلك الحاکم کاذبا کلا بل عفوه لهم احسان ومکرمة فمن سمّی فضل الله تعالیٰ ورحمته علی عباده المجرمین کذبا فقد کذب علی الله تعالیٰ ومن اظلم ممن کذب علی الله او کذب بایاته انه لا یفلح المجرمون

بلکہ وہ محض اختیاری کی تبدیلی ہے اور اس خود اختیاری تبدیلی کو کوئی جھوٹ نہیں کہتا۔ کیونکہ جھوٹ ایک لعنت ہے جس سے انسان بھی نفرت کرتے ہیں تو بھلا خدا تعالیٰ اس سے نفرت کیوں نہ کرینگے؟ پس قیامت کے دن عذاب کی بجائے مغفرت کا استعمال کرنا خدا کا رحم اور مہربانی ہوگی۔ اسے کذب نہیں کہا جائے گا۔ ارشاد ہے کہ کفار قرآن کی تکذیب کرتے ہیں جسے وہ خود پورے طور پر نہیں سمجھ سکے۔ پھر ارشاد ہے کہ وہ جانتے ہیں اور جان بوجھ کر خدا پر افترا کرتے ہیں۔ ان آیات میں جھوٹ کی لعنت کو خدا تعالیٰ نے کفار کے حق میں ذکر فرمایا ہے کہ یہ انکی عادت ہے پس مسلمان کیسے گوارا کر سکتا ہے کہ اس لعنت کو اپنے خدا سے نسبت دے تجربہ شاہد ہے کہ جرائم پیشہ گرفتاروں کو حاکم حبس دوام یا قتل کی سزا دیتے ہیں مگر کسی خاص مقرب کی سفارش سے یا اپنی خاص مہربانی سے یا رحم کی درخواست پر انکو معافی بھی دیدیتے ہیں اور رہا کر دیتے ہیں تو کیا اس صورت میں ان حکام کو وعدہ خلاف یا جھوٹا کہا جا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں بلکہ اس معافی کا نام ذاتی اختیار کا استعمال ہے اور احسان اور کمال مہربانی ہے پس حاصل یہ ہے کہ جو شخص اس جبانہ سلوک خداوندی کو جو وہ اپنے مجرم بندوں کے حق میں استعمال کریگا کذب کا عنوان دیتا ہے۔ وہ خود خدا پر جھوٹ باندھتا ہے تم خود ہی بتاؤ کہ اس شخص سے بڑھکر اور کون زیادہ ظالم ہو سکتا ہے جو خدا پر جھوٹ باندھے یا اسکی آیات کی تکذیب کرے۔ اصل بات یہ ہے کہ ظالموں کی نجات نہ ہوگی

Marfat.com

قالوا الیس اللہ علی کل شیئ قدیر
قلنا بلی ولکن قدرۃ اللہ تعالیٰ لا
تتوجہ الی المحالات کشریک الباری
وغیرہ من المحالات فکف اللسان عن
امثال ھذہ الکلمات واجب علی العباد
ومن تلک المسائل مسئلۃ الاستمداد
من ارواح الصلحاء قالوا لا یجوز
الاستمداد الا عن اللہ تعالیٰ ومن
استمد من غیر اللہ تعالیٰ فقد اشرک
باللہ تعالیٰ قلت الکلام فی ھذہ المسئلۃ
من وجہین جواز نفس الاستمداد و
عدمہ والنفع من الاستمداد وعدمہ
فنفس الاستمداد یعنی طلب المعونۃ
شائع ذائع عندھم من الاحیاء فی
مقاصدھم الدنیویۃ من تعمیر المدارس
وتبلیغ المذاھب واجراء الجرائد فان
کان نفس الاستمداد شرکا فقد اشرکوا
باللہ تعالیٰ فلا فرق بیننا وبینھم
فی نفس الاستمداد غیر انھم
یستمدون من الاشباح الفانیۃ و
نحن نستمد من الارواح الطیبۃ الباقیۃ
واما النفع من الاستمداد فبارادۃ
اللہ تعالیٰ ان اراد نفعنا الارواح الطیبۃ
ولنفعنا الاشباح الفانیۃ وان لم یردہ ما نفعنا

مخالف اعتراض کیا کرتے ہیں کہ کیا خدا ہر شے پر قادر نہیں تو
جھوٹ پر کیوں قادر ہوگا (جواب) بیشک صحیح ہے
لیکن قدرت الہیہ محال اور نامناسب امور کی طرف متوجہ
نہیں ہوا کرتی۔ چنانچہ خدا اپنا شریک پیدا نہیں کرتا۔
اور اسی طرح کے اور ناواجب کام نہیں کرتا۔ پس ایسے
بکواسات سے انسان کا فرض ہے کہ اپنی زبان کو روک
رکھے۔ ان مسائل میں سے استمداد کا مسئلہ بھی ہے جو
صلحاء کی روحوں سے کی جاتی ہے۔ مخالف کہتے ہیں کہ
ناجائز ہے اللہ کے سوا اور جو اللہ کے سوا کسی اور سے
استمداد کرتا ہے وہ خدا سے شرک کرتا ہے میں کہتا ہوں
کہ اسپر دو طریق سے بحث ہے اول صرف استمداد اور
عدم استمداد پر دوم استمداد سے نفع یا عدم نفع پر۔ پس
نفس استمداد یعنی کسی سے امداد طلب کرنا۔ تو وہ زندوں
سے عام طور پر حاصل کیجاتی ہے اور کثیر الاستعمال اور
مشہور ہے چنانچہ مخالف بھی دنیاوی امور میں (مثلاً
تعمیر مدارس، تبلیغ مذہب یا بیہ اور اجرائے اخبارات)
میں انکے ہاں بھی پائی جاتی ہے تو اگر صرف استمداد
ہر طرح سے شرک ہے تو مخالف خود شرک کر رہے ہیں اور
نفس استمداد میں ہمارے اور انکے درمیان کوئی فرق
نہیں مگر یہ فرق ضرور ہے کہ وہ فانی جسموں سے استمداد
کرتے ہیں اور ہم پاک اور غیر فانی ارواح سے استمداد
کرتے ہیں۔ مابعد یہ استمداد سے نفع تو اللہ تعالیٰ کا
ارادہ اگر چاہے تو ہم کو ارواح طیبہ نفع دیتے ہیں اور
ان کو فانی جسم نفع دیتے ہیں اگر وہ نہ چاہے

Marfat.com

وما نفعهم وان قالوا نحن نستمد
من ابدان الاحياء وانتم تستمدون
من ارواح الاموات نقول انتم
كذلك تستمدون من الارواح
لان المعطى والمانع هو الروح فى
